وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (آل عمران ۱۰۳)

وحدتِ اُمّت

اہلِ قبلہ کی تکفیر اور فقہی اختلافات کی بنا پر ملّت میں محاذ آرائی

کے خلاف

ایک مدلّل اور مستند تحریر

مصنّف :

مولانا محمّد اسحاق صاحب

خطیب جامع مسجد محمّدی کریمیہ، فیصل آباد

مکتبۂ ملّیہ

مکان نمبر 81 گلی نمبر 8 گلگشت کالونی ۔ فیصل آباد فون : 718721

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

دورِ حاضر میں ملّت اسلامیہ کو درپیش چیلنجوں کی نوعیت کثیر الجہات ہے ٹیکنالوجی کے حوالے سے پسماندگی ہمارا ایک ایسا روگ ہے جس نے ہمیں بار بار ہزیمتوں اور رسواکن شکستوں سے دوچار کیا ہے. پھر یہود و ہنود اور دیگر غیر مسلم طاقتوں کی سازشیں اور جارحیتیں ہیں جن کا مقصدِ حیات ملّت کے مادّی وسائل پر تسلط اور مسلمانوں کی نئی نسل کا ثقافتی ارتداد ہے لیکن سب سے زیادہ تباہ کن اور شرمناک منظر مختلف حوالوں سے ہماری آپس میں محاذ آرائی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ اس گھر کو جو آگ لگی ہے تو گھر کے چراغ ہی سے لگی ہے. دشمن کا تو کام ہی دشمنی کرنا ہے اس سے کیا گلا اور کیسی شکایت. غضب تو یہ ہے کہ ہم خود دشمن کی گیم کھیل رہے ہیں. یہاں پر بھائی بھائی کا گلا کاٹ رہا ہے. اور ہماری اپنی تلوار کا حال تو یہ ہے کہ بقولِ شاعر ؎

جب چلی اپنوں کی گردن پہ چلی ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ چوم لوں منہ میں تری تلوار کا

ہماری اندرونی محاذ آرائی کا سب سے افسوسناک پہلو مذہب یا مسلک کے حوالے سے تفریق بین المسلمین ہے. ہمارے ہاں اپنے علاوہ دیگر اہلِ قبلہ کی تکفیر ایک دل پسند مشغلہ ہے. اور

فقہی اختلافات کی بناء پر مخالفتیں اور دشمنیاں پالنا ہمارا روزمرہ کا معمول. زیر نظر رسالہ محاذ آرائی کی اس قسم کو کم کرنے کی ایک دردمندانہ کوشش ہے.

دراصل یہ رسالہ راقم کے ایک خطبۂ جمعہ پر مبنی ہے جو مورخہ ۸ رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ کو جامع مسجد کریمیہ فیصل آباد میں دیا گیا. اصل خطبہ پنجابی زبان میں تھا جسے احباب نے ریکارڈ کر لیا اور بعد میں اُسے اردو زبان میں لکھا گیا. اس مشق میں کئی احباب نے حصہ لیا. بالخصوص جناب شفیق الرحمٰن صاحب. قاری عبدالمنان صاحب جناب محمد لٰسین صاحب. جناب عبدالرحمٰن صاحب اور جناب نذر محی الدین صاحب (ریٹائرڈ اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ تعلیم (سکولز) فیصل آباد ڈویژن) نے اس کارِ خیر کو بڑے ذوق و شوق سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا. خدا ان سب کو جزائے خیر دے. بہرحال موجودہ شکل میں رسالہ ہٰذا کے جملہ مندرجات و بیان کی مکمل ذمہ داری راقم کی اپنی ہے.

اس سے قبل اس رسالہ کا ایک ایڈیشن محدود تعداد میں شائع کیا گیا تھا جس پر ہمیں کثیر تعداد میں اربابِ علم و فضل اور عام قارئین کی جانب سے قیمتی آراء اور مشورے موصول ہوتے ان میں سے کچھ شاملِ اشاعت ہٰذا ہیں. تمام موصول شدہ آراء سے استفادہ کیا گیا ہے اور اُن کی روشنی میں موجودہ ایڈیشن کو زیادہ سے زیادہ جامع بنانے کی سعی کی گئی ہے. ہمارے بعض کرم فرماؤں نے رسالہ ہٰذا کے بارے میں اظہارِ خیال

کرتے ہوئے اسلوب بیان کو میزانِ ادب عالیہ میں
تولنے کی کوشش کی ہے۔ نیز بعض فقرات اور بیانات
کے اعادے پر بھی تنقید کی ہے۔ ایسے احباب کی خدمت
اقدس میں گزارش ہے کہ یہ بندۂ ناچیز ادیب اور قلمکار
نہیں ہے۔ اور نہ ہی کوئی پیشہ ور مصنف ہے جیساکہ
اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ احباب نے میرے ایک خطبۂ
جمعہ کو آج کے دور میں امتِ مسلمہ کی ضرورت محسوس
کرتے ہوئے اردو کا جامہ پہنا کر شائع کرانے میں
میری معاونت کی اور اس ضمن میں انہوں نے میرے
رنگِ خطابت کو جوں کا توں برقرار رکھنے کی کوشش کی
ہے۔ خطبہ میں مختلف سطحوں کے سامعین پیش نظر ہوتے
ہیں اور ایک ہی بات کا مختلف انداز میں دہرانا تمام
سامعین تک ابلاغ کی ایک ضرورت ہوتی ہے۔ اہلِ علم
بخوبی واقف ہیں کہ یہی وہ چیز ہے جسے قرآنی اصطلاح میں
تصریف کہا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ خطبہ میں منطقی ربط و ترتیب
یا کسی خاص علمی اندازِ تصنیف کی تلاش بے محل ہوگی۔ یہ رسالہ
تو محض امت کو تفرقہ بازی اور محاذ آرائی سے بچانے
کے لئے دکھی دل کی ایک پکار ہے۔ ایک فریاد ہے
اور اہلِ نظر تو جانتے ہیں کہ فریاد کی کوئی لے نہیں ہوتی اور
نالہ پابندِ نَے نہیں ہوتا۔
علامہ اقبال نے کیا خوب فرمایا ہے۔

؎ الفاظ کے اسلوب پہ قابو نہیں رہتا
جب روح کے اندر متلاطم ہوں خیالات

بندا رسالۂ ہذا کو اسی تناظر میں پڑھا، دیکھا اور پرکھا جائے۔ بہرحال ان جملہ احباب کا جنہوں نے اپنے قیمتی مشوروں سے راقم کو نوازا مکرر شکریہ!

ملت اسلامیہ کا ایک ادنیٰ خیر خواہ

محمد اسحاق

خطیب جامع مسجد محمدی کریمیہ
جیلانی پورہ۔ گلی نمبر 1 ستیانہ روڈ
فیصل آباد

دیباچہ

کسی انسانی گروہ کو اس کی شامتِ اعمال کی بنا پر اللہ عزّ وجل گوناگوں طریقوں سے عذاب میں مبتلا کرتا ہے۔ عذاب کی بدترین شکل کی طرف اشارہ سورۃ انعام کی آیت نمبر ۶۵ کے ایک حصہ میں یوں کیا گیا ہے۔

اَوْ یَلْبِسَکُمْ شِیَعًا وَّیُذِیْقَ بَعْضَکُمْ بَاْسَ بَعْضٍ“

ترجمہ ”یا تمہیں فرقہ فرقہ کر دے اور ایک کو دوسرے سے لڑا کر آپس کی) لڑائی کا مزہ چکھا دے۔“

(مترجم مولانا فتح محمد صاحب جالندھری)

اس فرمانِ الٰہی کی تفسیر میں علامہ پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری حفظہ اللہ تحریر فرماتے ہیں ”اس کے علاوہ سخت تر عذاب یہ ہے کہ آپس میں انتشار اور بے اتفاقی کی وبا پھوٹ پڑتی ہے۔ ایک قوم کے فرزند، ایک ملت کے افراد مختلف ٹولیوں اور فرقوں میں بٹ جاتے ہیں۔ کہیں مذہب وجہِ فساد بن جاتا ہے اور کہیں سیاست باعثِ انتشار۔ اپنوں کی عزت اپنے ہاتھوں خاک میں ملا دینا بڑا کارنامہ تصور کیا جاتا ہے۔ اوروں کو رہنے دیجئے اپنے گھر کا حال دیکھئے۔ جب سے ہم نے صراطِ مستقیم سے انحراف کیا ہے ہم کن پستیوں

میں دھکیل دیے گئے ہیں۔ ایک خدا، ایک رسول، ایک کتاب اور ایک کعبہ پر ایمان رکھنے والے کس نفاق اور انتشار کا شکار ہیں۔ اللہ تعالےٰ ہمارے حالِ زار پر رحم فرمائے"۔
(تفسیر ضیاء القرآن جلد اوّل صفحہ ۵۶۶) ایک شاعر نے اسی مفہوم کو یوں بیان کیا ہے۔

ہر دل میں کدورتیں بھری ہیں
محسن یہ عذاب کی گھڑی ہے

بدقسمتی سے پاکستان میں عذاب کی یہ گھڑی آچکی ہے جن کو اللہ تعالےٰ نے چشمِ بینا دی ہے وہ اس لمحہ بہ لمحہ شدید تر ہوتے ہوئے عذاب کی ہولناکیوں کو دیکھ رہے ہیں اور اس کے جہنمی شعلوں کی تپش کو اپنے دلِ دردمند میں محسوس کر رہے ہیں۔ یہ رسالہ اسی محاذ آرائی کی آگ کو جس حد تک بھی ممکن ہو بجھانے کی ایک کوشش ہے اور اس کا واحد مقصد وحدتِ امت کو بحال کرنا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ مسلمانوں کے مختلف گروہوں کے درمیان فاصلوں کو کم کرے اور انہیں بھائی بھائی بنا دے۔
وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

نہایت ضروری وضاحت

اس رسالہ میں یہ موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مختلف اسلامی فرقوں کو نہ تو ایک دوسرے کی تکفیر کرنا چاہیئے اور نہ ہی محض فقہی

اختلافات کی بنا پر ایک دوسرے کی اقتدا میں نماز باجماعت سے احتراز کرنا چاہیئے. لیکن واضح رہے کہ ایسے گروہ جو حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی مدعئ نبوت کے قائل ہوں. انہیں ہم اسلامی فرقوں میں شمار نہیں کرتے. کیونکہ وہ خود ہی ملتِ اسلامیہ سے خروج کا ارتکاب کر چکے ہیں. یہ بات اگرچہ اظہر من الشمس ہے اور بظاہر یہ وضاحت غیر ضروری نظر آتی ہے لیکن چونکہ منفی سوچ رکھنے والے اصحاب اصلاح بین الامت کی ہر کوشش کو غلط رنگ دینے کے عادی ہیں. اس لئے یہ وضاحت کردی گئی ہے تاکہ "فی سبیل اللہ فساد" کرنیوالے لوگوں کو اس قسم کا کوئی موقع کم از کم ہماری طرف سے فراہم نہ ہو سکے. نیز جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم کسی مسلّمہ اسلامی فرقے کو کافر نہیں کہتے تو حاشا وکلا اس میں یہ امر متضمن نہیں ہے کہ ہم مختلف فرقوں کی گمراہیوں کا جواز پیش کر رہے ہیں. ہمارا مطلب تو یہ ہے کہ جو گمراہ ہے اس کو صرف گمراہ کہو. اسکی گمراہی کا ردّ کرو. لیکن کافر کہنے سے گریز کرو. کیونکہ بقول مولانا شبیر احمد عثمانی "ہمارا اس باب میں مسلک وہی ہے. جو امام المحتاطین امام ابو حنیفہؒ کا ہے لَا نُكَفِّرُ اَهْلَ الْقِبْلَةِ.

جب ہم نے وحدتِ اُمت کا پہلا ایڈیشن دوستوں کی خدمت میں پیش کیا تو جہاں اسکی موافقت اور مخالفت میں بہت سی آراء آئیں وہاں سب سے بڑا اعتراض یہ آیا کہ اسلام کا دائرہ صرف فقہی اختلاف رکھنے والے مسالک تک محدود ہے. اور جو لوگ اہل سنت سے مختلف عقیدہ رکھتے ہیں ان کے پیچھے

نہ نماز جائز ہے اور نہ رشتے ناتے. مقصد یہ کہ عقائد کا اختلاف رکھنے والے لَا نُکَفِّرُ اَھْلَ الْقِبْلَۃِ کی فہرست میں نہیں آتے. ہم نے اس کا از سر نو جائزہ لیا ہے. پہلے ایڈیشن میں بھی ایک دو آراء اس سلسلہ میں شامل کی گئی تھیں. لیکن اب تفصیل کے ساتھ اس سلسلہ میں صحابۂ کرامؓ تابعینؒ عظام، ائمۂ اہلِ سنتؒ اور فقہاءؒ کی آراء شامل کر رہے ہیں. یہ حوالے ان لوگوں کے ہیں جن پر مذہب اہلِ سنت کی پوری عمارت کھڑی ہے. اور کوئی بھی اہلِ سنت ان میں سے کسی کی مخالفت کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا.

آج سے کوئی نو سو سال پہلے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مسئلے پر اپنے ایک رسالہ "التفرقۃ بین الاسلام والزندقہ" میں سیر حاصل بحث کی ہے. اس رسالہ کی ایک تلخیص علامہ شبلی مرحوم نے اپنی کتاب الغزالی میں دی ہے. تلخیص مذکورہ کے اقتباس کو ضمیمہ کے طور پر شاملِ اشاعت ہذا کیا جا رہا ہے.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بعد الحمد والصلوٰۃ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (آل عمران ۱۰۳)

ترجمہ: اور سب مِل کر خدا کی (ہدایت کی) رسّی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔

موضوعِ زیرِبحث نہائیت اہم اور حساّس نوعیت کا ہے چونکہ ہم اس قسم کی باتوں کے سننے اور ان پر غور کرنے کے عادی نہیں ہیں۔ لہٰذا کچھ احباب کے لئے یہ ناپسندیدہ ہوں گی لیکن جس مقصد کو پیش نظر رکھ کر آپ سے مخاطب ہوں۔ اس کا تقاضا ہے کہ آپ تحمّل سے بات سنیں اور پھر اس پر غور کریں۔ کیونکہ امتِ مسلمہ کی حیات و بقاء کے لئے اس کا ذہن نشین ہونا اور اس پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔ ورنہ تو مسلمان صدیوں سے اپنی قوت ضائع کر رہے ہیں۔ اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ اور دین کے دشمنوں کو موقع فراہم کریں گے۔ کہ وہ انہی سے کام لے کر اُمتِ مسلمہ کو تباہ و برباد کرتے رہیں۔

اُمتِ مسلمہ میں فروعی اختلافات ایک دو روز کا قصہ نہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دُنیا سے تشریف لے جانے کے بعد ہی اختلافات نمودار ہو گئے تھے۔ لیکن اُس دور میں اختلافات

وجہ انتشار نہیں بنے۔ اُن بزرگوں نے اتحاد برقرار رکھا۔ لیکن آج اختلافات کی فتنہ گری نے امتِ مسلمہ کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا ہے۔

یاد رکھیئے کہ مسلمان ایک ملت ہیں اور کلمۂ طیبہ پڑھ لینے والے سب لوگ ایک بدن کے اعضاء کی طرح ہیں۔ لہٰذا کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ دوسرے کو اسلام سے خارج کرے یا اسلام کا ٹھیکے دار بن کر لوگوں پر کفر کے فتوے لگائے۔ تکفیر وہ جرم ہے جس کے مقابلہ میں قتل کرنا، ڈاکے ڈالنا اور زنا کرنا ہلکے جرائم ہیں چونکہ یہ جرم سرزد ہو رہا ہے۔ لہٰذا آج کے اس خطاب کا مقصد اُمتِ مسلمہ کو اتحاد کی دعوت دینا ہے۔

اس سلسلے میں سب سے پہلے میں اس واقعہ کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جسے برِصغیر کی ممتاز شخصیت مولانا ابوالکلام آزادؒ نے اپنی معروف کتاب "تذکرہ" میں درج کیا ہے فرماتے ہیں "ایک یہودی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا۔ کہ آپ لوگوں نے تو ابھی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دفن بھی نہ کیا تھا۔ کہ اُمت میں فساد برپا ہو گیا تھا۔ (کتنی چوٹ تھی اور بات بھی ٹھیک تھی۔ کیونکہ کفن دفن سے پہلے ہی خلافت کا جھگڑا اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ ساتھ ساتھ کچھ اور جھگڑوں نے بھی سر اٹھا لیا تھا۔) کوئی مُلّا ہوتا تو کہہ دیتا واقعی ہمارا دین تو اسی روز ختم ہو گیا تھا۔ لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمارا اختلاف پیغمبر کے بارے میں نہیں ہوا بلکہ ان سے منسوب روایات کے بارے میں ہوا۔ کسی کو یہ کہنے کی جرأت نہیں ہوئی کہ نعوذ باللہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جھوٹے ہیں۔ سب لوگ

ایمان پر قائم رہے۔ اختلاف روایات کے فہم پر تھا۔ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت پر نہیں۔ گویا لوگوں نے حدیث کی تشریح میں اختلاف کیا۔ نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے برحق ہونے پر کوئی اختلاف پیدا نہیں ہوا۔ یہودی کے الزام کو ردّ فرمانے کے ساتھ ساتھ آپ رضی اللہ عنہ نے یہودیوں کو بھی آئینہ دکھایا اور کہا۔ تم ذرا اپنے گریبان میں تو جھانک کر دیکھو۔ فرعون کی غرقابی کے بعد تمہارے پاؤں سے بحیرۂ قلزم کا پانی ابھی خشک نہیں ہوا تھا۔ خود حضرت موسےٰ علیہ السلام تمہارے درمیان موجود تھے کہ تم نے ایک قوم کو بچھڑے کی پوجا کرتے دیکھ کر حضرت موسےٰ علیہ السلام سے تقاضا شروع کر دیا کہ ہمیں بھی ایسا خدا بنا کر دو جس طرح کا ان لوگوں کا ہے۔

یہ مطالبہ کر کے نہ صرف تم دین سے پھر گئے تھے بلکہ توحید کو بھی خیرباد کہہ دیا تھا۔

وَقَالَ لَهُ بَعْضُ الْيَهُودِ، مَادَفَنْتُمْ نَبِيَّكُمْ حَتَّىٰ اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ فَقَالَ ع لَهُ: إِنَّمَا اخْتَلَفْنَا عَنْهُ لَا فِيهِ. وَلٰكِنَّكُمْ مَا جَفَّتْ أَرْجُلُكُمْ مِنَ الْبَحْرِ حَتَّىٰ قُلْتُمْ لِنَبِيِّكُمْ اجْعَلْ لَنَا إِلٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ۔

(نہج البلاغۃ مع شرح الشیخ محمد عبدہ مفتی الدیار المصریہ۔ الجزء الثانی صہ۲۱)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ جواب اللہ پر کامل یقین اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پختہ ایمان کا مظہر ہے۔ یہ واقعہ بیان کر کے

مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ کہتے ہیں۔ یوں تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کوئی بات ایسی نہیں جس پر فصاحت و بلاغت قربان نہ ہو۔ لیکن اس واقعہ میں علم کے سمندر پنہاں ہیں۔ ایسا جواب حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی دے سکتے تھے۔ جن کے بارے میں صحیح بخاری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول درج ہے۔

قال عمر رضی اللہ عنہ "اقرؤنا ابی واقضانا علیؓ"
(البخاری مع فتح الباری جلد ۸ صفحہ ۱۶۷ حدیث ۴۴۸۱۔
کتاب التفسیر باب قولہ (ما ننسخ من آیۃ او ننسھا)
وروی البزار من حدیث ابن مسعود قال کنا نتحدث ان أقضی اہل المدینۃ علی ابن ابی طالب فتح الباری ۸ ص ۱۶۷۔

ولہ شاھد صحیح من حدیث ابن مسعود عند الحاکم فتح الباری، ص ۱۶۷۔

حضرت علی رضی اللہ ہم میں سب سے بڑے قاضی ہیں۔ لہذا یہ انہی کا حصہ تھا کہ وہ اس قسم کے سوال کا ایسا مسکت جواب دیں۔
مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ نے ہی ترجمان القرآن میں سورۂ طٰہٰ کی تفسیر میں ایک واقعہ رقم کیا ہے جو ہم سب کے لئے سبق آموز بھی ہے اور باعث عبرت بھی۔ مولانا آزاد رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ فقہ کے مذاہب اربعہ مدون ہو گئے۔ اور تقلید شخصی کا التزام ہو گیا۔ تو سوال پیدا ہوا کہ اماموں میں افضل کون ہے؟ حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ یا امام شافعی رحمہ اللہ۔ اس قضیے سے فرقہ وارانہ بحث شروع ہو گئی اور

اس بحث نے جنگ وقتال کی شکل اختیار کر لی چنانچہ ہلاکو خان کو اسلامی ممالک پر حملہ کرنے کی ترغیب خراسانیوں کے اس جھگڑے سے ملی تھی۔ ایک گروہ نے دوسرے کی ضد میں اسے حملے کی دعوت دی اور شہر کے پھاٹک وا کر دیے۔ پھر جب تاتاریوں کی تلوار چلی تو اس نے نہ کسی شافعی کو چھوڑا اور نہ کسی حنفی کو۔

تاریخ اسلام کے اس سیاہ ورق سے کون آشنا نہیں جب شیعہ سنی مناقشت کی بدولت سقوطِ بغداد کا المناک سانحہ پیش آیا۔ عباسی خلیفہ مستعصم کے دور میں شیعہ سنی اختلافات اس حد تک بڑھ گئے کہ ایک گروہ نے ہلاکو خاں کو بغداد پر چڑھائی کی دعوت دی۔ اس نے مسلمانوں کے باہمی اختلافات سے فائدہ اٹھا کر اہلِ بغداد پر جو مظالم ڈھائے اور جو سفاکی اور غارت گری و خون ریزی روا رکھی اس کی داستان انتہائی المناک ہے۔ بغداد جو تہذیب و تمدن کا گہوارہ اور مہذب دنیا کا عظیم ترین شہر تھا۔ کھنڈرات کا ڈھیر بن گیا۔ صدیوں کے محفوظ علمی اور فنی ذخائر یا تو جلا دیے گئے یا دریا برد کر دیے گئے۔ تمدنی ترقی کا باب ہمیشہ کے لئے بند ہو گیا۔

یوں اپنوں کی ذاتی مخالفتوں کے باعث امتِ مسلمہ کو بہت زیادہ نقصان پہنچا۔ بہرحال یہ ہمارا موضوع نہیں ہے اور نہ کسی کو گناہ گار یا بے گناہ ثابت کرنا ہے۔ بلکہ صرف یہ بتلانا مقصود ہے کہ مسلمانوں کی فرقہ پرستی کی لعنت نے ملتِ اسلامیہ کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے۔

اور پھر یہ پروپیگنڈہ کہ اسلام میں تہتر۷۳ فرقے ہیں لہٰذا دین باقی نہیں رہا اور برباد ہو گیا ہے۔ اسلام کے دشمنوں کا پھیلایا ہوا ہے۔ اسلام بالکل محفوظ ہے۔ امتِ مسلمہ قرآن پر قائم ہے۔ لوگ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے منکر نہیں ہیں۔ یہ تو ہماری نادانی اور حماقت ہے۔ کہ کافروں کی بجائے ہم خود ہی پکار اٹھتے ہیں کہ کلمہ مٹ گیا اور ہم سب ہی کافر ہیں۔

توبہ! توبہ! — خدا کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی امت بالکل صحیح و سالم ہے۔ اور اسلام بھی تا قیامت قائم و دائم رہے گا۔

آپ درخت کو دیکھتے ہیں۔ اسکی ایک جڑ ہوتی ہے۔ ایک تنا ہوتا ہے۔ شاخوں میں سے اوپر فضا میں جاکر کوئی مشرق کی طرف نکل جاتی ہے کوئی مغرب کی طرف۔ کیا اب وہ درخت کی شاخیں نہیں رہیں۔ اللہ تعالےٰ نے بھی ہر فرد کو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت دی ہے اور وہ اپنی بساط کے مطابق مسائل کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے۔

وہ کونسی شئے ہے جو اسلام اور کفر میں وجہِ امتیاز ہے۔ جو آدمی دائرۂ اسلام میں داخل ہوتا ہے وہ اعلان کرتا ہے۔ کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم خدا کے سچے پیغمبر ہیں۔ ایمان نام ہے نبیؐ کو اللہ کا سچا پیغمبر تسلیم کر لینے کا۔ یہ اقرار اسے دائرۂ اسلام میں لے آتا ہے۔ اور یہی اقرار اُسے کافر سے الگ کر دیتا ہے اگر کوئی بدنصیب دائرۂ اسلام کو پھلانگ کر اعلان کرتا ہے کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو رسول نہیں مانتا۔ تو وہ اس انکار کی بنا پر کافر ٹھہرے گا۔ جو اقرار اسے دائرۂ اسلام میں لایا تھا۔ اس کا

انکار اسے اسلام سے خارج کر دے گا اور وہ مسلمان نہیں رہے گا۔
جو لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبی آخرالزماں مانتے ہیں۔ میں ان سب کو اپنے دینی بھائی تصور کرتا ہوں۔ میرے دل میں کسی کے خلاف بغض و عناد نہیں ہے۔ ہاں جن مسائل کو میں غلط سمجھتا ہوں ان کی علانیہ تردید کرتا ہوں۔ مگر کسی کو کافر نہیں کہتا۔ لوگ مساجد میں اذانیں دیتے ہیں۔ نمازیں ادا کرتے ہیں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں یہ سب مسلمان ہیں۔ اور کسی کلمہ گو مسلمان کو کافر کہنا ایک بہت بڑا جرم ہے۔ جو لوگ کسی مسئلے میں اختلاف کی بنا پر کسی کو کافر گردانتے ہیں وہ دراصل اسلام کے دشمن ہیں۔ دین کے خادم نہیں۔ کفار کی انجنٹی کرنیوالے لیلے ملاّ یقیناً سزا کے مستحق ہیں۔ البتہ جس روز کوئی بدبخت کہہ دے کہ میں عیسائی یا ہندو ہو گیا ہوں۔ اس روز اسے کافر کہیئے۔ لیکن اگر وہ قرآن کو مانتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سچا اور آخری نبی تسلیم کرتا ہے۔ حدیثوں پر بھی یقین رکھتا ہے۔ تو کسی حدیث کی صحت یا عدم صحت کے بارے میں اختلاف کی بنا پر وہ کافر نہیں ٹھہرے گا۔ ایک آدمی کسی حدیث کی صحت کے بارے میں شک کا اظہار کرتا ہے اور اس کے مقابلے میں دوسرے راوی یا روایت کو صحیح سمجھتا ہے۔ تو ایسا شخص اسلام کا سچا خادم ہے۔ کیونکہ وہ اپنی صلاحیت کے مطابق حصول علم کی جدوجہد میں مصروف ہے۔ ایک فرقہ ایک خاص حدیث کو صحیح سمجھتا

ہے۔ دوسرا ضعیف سمجھ کر رد کر دیتا ہے۔ تو اُسے کفر اور اسلام کا جھگڑا کیسے کہا جا سکتا ہے۔ کیونکہ کوئی بھی اسلام کو رد نہیں کر رہا ہوتا۔ آدمی کافر اُس وقت ہو گا جب وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکاری ہو گا۔ حدیث کی تفہیم کے لئے سعی کرنے والا غلطی کر سکتا ہے لیکن کفر کے دائرے میں نہیں آتا۔ لہذا بلاوجہ کسی کو کافر کہتے رہنا کسی طور پہ درست قرار نہیں دیا جا سکتا۔

حدیثوں کے بارے میں اختلافات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان بھی تھے۔ اس کی ایک مثال شیخین (بخاری و مسلم) کی یہ روائیت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خیال تھا کہ اگر جنبی کو غسل کے لئے پانی نہ ملے تو وہ تیمم سے پاک نہیں ہو سکتا۔ لیکن حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ وہ ایک دفعہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمسفر تھے۔ انہیں غسل کی حاجت ہو گئی۔ پانی میسر نہ آسکا۔ تو انہوں نے مٹی میں لوٹ پوٹ لگائی۔ بعد میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس عمل کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا صرف اس قدر کر لینا کافی تھا یہ کہتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور چہرہ مبارک اور ہاتھوں پر مسح کیا، لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے اس بیان کو تسلیم نہیں کیا اور کسی غیر واضح ضعف کے سبب جو ان کو روایت میں نظر آیا۔ انہوں نے اسکو رد کر دیا اور

یہ روایت ان کے نزدیک دلیل نہ ٹھہری۔ اگرچہ بعد کے زمانہ میں بکثرت طریقوں سے یہ حدیث مشہور ہو گئی۔ اس کے ضعیف ہونے کا وہم ماند پڑ گیا اور لوگ اس پر عمل پیرا ہو گئے۔

اختلاف کا ایک سبب یہ بھی ممکن ہے کہ صحابی تک کوئی حدیث پہنچی ہی نہ ہو۔ مثلاً امام مسلم رحمہ اللہ کی یہ روایت کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما عورتوں کو یہ حکم دیتے تھے کہ غسل کرتے وقت وہ اپنے بال کھولیں۔ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ سُنا تو تعجب فرمایا اور کہا کہ عبداللہ ابن عمرو رضی اللہ عنہ عورتوں کو بال کھولنے کا حکم دیتے ہیں وہ کیوں نہیں کہتے کہ عورتیں بال ہی منڈوالیں۔ حالانکہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی برتن میں سے غسل کرتے تو میں اس کے سوا کچھ نہ کرتی کہ اپنے بالوں پر تین دفعہ پانی بہا لیتی۔ امام زہری رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ ہندر رضی اللہ عنہا کو یہ علم نہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے استحاضہ کی حالت میں بھی نماز پڑھنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس لئے وہ اس حالت میں نماز نہ پڑھتیں۔ اور ترکِ نماز کے غم سے رویا کرتیں۔

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں اختلافات کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ صحابۂ کرام نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک عمل کرتے دیکھا۔ لیکن اس عمل کی حیثیت کے تعیّن میں

اختلاف ہو گیا۔ بعض نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اس فعل کو کارِ ثواب خیال کیا اور بعض نے ایک امر جائز سمجھا۔

مثلاً تحصیب (وادیٔ محصّب میں نزول)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے سفرِ حج کے دوران ابطح کی وادی میں قیام فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا وہاں قیام کرنا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک تو کارِ ثواب ٹھہرا اور انہوں نے اسے حج کی سنتوں میں شمار کیا۔ جب کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک وہاں اترنا ایک اتفاقی امر تھا نہ کہ کسی ثواب کی خاطر۔

ان واقعات کو پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو بتایا جائے کہ بظاہر اصحاب رضی اللہ عنہم کے درمیان انتہائی بُعد کے باوصف کسی نے دوسرے کو کافر تو کجا گمراہ اور جاہل بھی نہ کہا۔ لیکن آجکل نقطہ نظر یا فہم کے معمولی اختلاف پر فوراً کفر کا فتوے لگا دیا جاتا ہے۔ خدارا ملت میں جہان کے لوگوں کو تماشا نہ دکھائیے۔ اختلافات کے باوجود ہر کلمہ گو مسلمان ہے۔

ممکن ہے اس کی روایت ضعیف ہو یا وہ تحقیق کے دوران غلط نتیجے پر پہنچا ہو۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ وہ غلط ہے تو تردید کریں۔ مگر کافر نہ کہیں۔

اللہ تعالےٰ کو اسلامی وحدت پسند ہے۔ اس وحدت کو برقرار رکھنے کے لئے اللہ تعالےٰ نے خود اس کا انتظام فرما دیا۔

تاکہ ملت ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو۔ کیونکہ اس امت کو قیامت تک
موجود رہنا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے کیا انتظام فرمایا!
علامہ اقبال کی زبانی سنیئے۔
ع بر رسولِ ما رسالت ختم کرد۔
نیز فرماتے ہیں۔

تا نہ ایں وحدت زدستِ ما رود
ہستیٔ ما با ابد ہمدم شود

لانبی بعدی زاحسانِ خداست
پردۂ ناموسِ دینِ مصطفےٰ است

حق تعالےٰ نقشِ ہر دعویٰ شکست
تا ابد اسلام را شیرازہ بست

گویا اللہ تعالےٰ نے اپنا آخری نبی بھیج کر تکفیر کا دروازہ بند کر دیا ہے اور ختمِ نبوت کے صدقہ میں کافر ہونے کا خطرہ ٹل چکا ہے۔ اب کوئی ایسا شخص پیدا نہیں ہوگا جس کو نہ ماننے سے کوئی کافر ہو جائے۔ مجدد آئیں۔ مہدی آئیں۔ ان کا آنا برحق۔ لیکن ان میں سے کوئی یہ دعوےٰ نہیں کرے گا کہ اس کے نہ ماننے والا کافر ہوگا۔ کیونکہ اب کوئی بھی اللہ کا نیا پیغام لے کر نہیں آئے گا۔ یہی تو اللہ کا احسانِ عظیم ہے۔ کہ اس نے رسول اللہ پر سلسلۂ نبوّت ختم کر کے تکفیر کے باب کو بند کر دیا ہے۔ آنے والے اسلام کی خدمت کریں گے۔ اللہ انہیں اس کا اجر دے گا۔ حضرت

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی مان لینے کے بعد یہ اُمّت محفوظ ہو گئی ہے اور ہم رسول خدا کو ماننے کے بعد دوسروں سے بے نیاز ہو گئے ہیں۔

کوئی اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کو نیک سمجھتا ہے۔ کوئی مولانا مودودی رحمہ اللہ کی خدمات کا معترف ہے۔ کوئی مولانا احمد علی رحمہ اللہ لاہوری کی عظمت کا قائل ہے۔ لیکن اگر کوئی ان کی دعوت کے بارے میں اختلاف کرتا ہے تو کیا وہ کافر ہو جائے گا! ہرگز نہیں۔ محمد رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی ماننے والے سب لوگ دائرہ اسلام میں ہیں۔ اس دائرے کو پھلانگنے والا بدبخت کفر کا مرتکب ہو گا۔ کوئی فرد جاہل گناہ گار اور غلط کار تو ہو سکتا ہے مگر کافر نہیں۔

اس سلسلے میں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ قانون ساز صرف حکم دیتا ہے۔ قانون کی وجہ یا ضرورت کی وضاحت وہ خود نہیں کرتا۔ بلکہ اس کے بارے میں ہم غور و فکر کرتے ہیں۔ ہماری سوچ غلط بھی ہو سکتی ہے اور دوسرے کو اس سے اختلاف بھی ہو سکتا ہے۔ مگر اس اختلاف کی بناء پر کوئی کافر نہیں ہو جاتا۔

حکم یہ ہے کہ جو شخص قرآن و حدیث کے مطابق نماز پڑھا رہا ہے اس کی اقتداء میں نماز ادا کرو اور اپنا اتحاد برقرار رکھو۔ ممکن ہے پڑھانے والے کی نماز قبول نہ ہو اور تمہاری

ہو جائے۔ یا پڑھانے والے کی تو قبول ہو جائے اور تمہاری نہ ہو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو ظالم لوگوں کے پیچھے نماز پڑھ لیتے تھے۔ مقصد یہ تھا کہ اتحاد پارہ پارہ نہ ہو۔ ہمیں خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ نہیں کہا کہ تمہاری نماز امام کی نماز کے ساتھ نتھی کر دی گئی ہے اور اس کی قبول نہ ہو تو تمہاری بھی نہیں ہو گی۔ اللہ تعالے ہر آدمی کی نماز الگ دیکھتا ہے۔

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دور میں ایسے جھگڑے اور فتنے پیدا نہیں ہوتے۔ خارجی پیدا ہوئے۔ باغی آئے۔ شیعہ ہوئے۔ مگر ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنے کے بارے میں کوئی اختلاف نہ تھا۔ جس روز ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنے کے بارے میں اختلاف پیدا ہوا شیطان نے عید منائی کہ وہ کامیاب اور کامران ہوا۔ مسلمانوں میں اتحاد کا وسیلہ ٹوٹ گیا جب نماز میں اتحاد کا مظاہرہ نہ کیا گیا تو شیطان کی مسرت بجا ٹھہری اور اب تو نوبت یہاں تک آپہنچی ہے کہ مختلف فرقوں کے لوگ اپنے نفس کی پیروی میں بہت متشدّد ہو گئے ہیں اور ایک دوسرے کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے۔ کیا یہ ایک المیہ نہیں ہے؟

مولانا یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے "معارف السنن" میں ایک واقعہ درج کیا ہے۔ ایک روز قاضی ابو عاصم حنفی رحمہ اللہ نماز مغرب کے لئے جا رہے تھے وہ القفال شافعی رحمہ اللہ

کی مسجد میں داخل ہو گئے۔ جن سے مختلف مسائل کے بارے میں ان کے مباحثے اور مناظرے ہوا کرتے تھے۔

القفال شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے قاضی ابو عاصم حنفی رحمہ اللہ کو مسجد میں داخل ہوتے دیکھا۔ تو موذن سے کہا کہ آج اذان ترجیع کے بغیر (جس میں کلمات کو واپس دہرایا جاتا ہے) حنفی طریقے سے دی جائے۔ اذان کے بعد علامہ القفال شافعی نے ابو عاصم حنفی رحمہ اللہ سے نماز پڑھانے کی درخواست کی تو ابو عاصم حنفی رحمہ اللہ نے رفع یدین وغیرہ کے ساتھ شافعی طریقے کے مطابق نماز پڑھائی۔

ان واقعات سے علمائے سلف کی دین سے محبت اور اخلاص کا پتہ چلتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ وحدتِ امت کے کس قدر حامی تھے۔

اس قسم کا ایک واقعہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے مقبرہ کے قریب فجر کی نماز پڑھی تو دعائے قنوت (شافعی سارا سال فجر کی نماز میں قنوت پڑھتے ہیں) کو احتراماً ترک دیا۔ اور کہا کہ کبھی ہم اہل عراق کے مسلک پر بھی عمل کرتے ہیں۔

حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (جس کا ذکر آگے آرہا ہے) کے مطابق مسئلہ یہ ہے کہ آپ نے چاند دیکھ لیا مہینہ انتیس تاریخ کو ختم ہو گیا لیکن دوسرے مسلمانوں نے چاند

نہیں دیکھا۔ قاضی کو بھی اعتبار نہیں آیا۔ اور اُس نے حکم دے دیا کہ روزہ رکھو تو عید کا چاند اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے باوجود وحدتِ اُمّت کی خاطر آپ کو بھی دوسرے مسلمانوں کے ساتھ روزہ رکھنا ہوگا۔ اِس کے برعکس اگر روزہ افطار کرنے کا حکم دیا جائے تو افطار کرنا ہوگا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

الصوم یوم تصومون والفطر یوم تفطرون والاضحیٰ یوم تضحون، سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ للالبانی ج۱ حدیث ۲۲۴ ص ۳۸۹

"جس دن دوسرے مسلمان روزہ رکھیں، تم بھی رکھو۔ اُس وقت روزہ کھول دو جب دوسرے افطار کریں۔ جس روز لوگ قربانی کریں تم بھی کرو۔"

گویا اگر اِسلامی حکومت نے روزہ رکھنے کا اعلان کر دیا ہے تو روزہ رکھو خواہ تم نے چاند اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا ہو اور اُس وقت روزہ کھول دو جب دوسرے افطار کریں اور لوگوں کے ساتھ ہی قربانی کریں چنانچہ کئی دفعہ غلط دن حج ہوگیا اللہ سے اُمید رکھنی چاہیئے کہ وہ حج اور قربانی کو قبول کرلے گا اصل مقصد وحدتِ اُمّت اور اطاعتِ خداوندی ہے نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اُمّت کو متحد رکھنے اور انتشار سے بچانے کے لئے جماعتی حکم پر عمل کرنے کی تاکید فرمائی اجتماعی عبادتوں میں جمہور مسلمانوں کا ساتھ دینا

وحدتِ اُمّت کو برقرار رکھنے کے لئے ناگزیر ہے۔

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھ لیتے تھے کیونکہ انہیں اُمّت میں انتشار مطلوب نہ تھا مثلاً بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کا فتوےٰ تھا کہ وضو کر لینے کے بعد بالغ عورت کو ہاتھ لگ جانے پر وضو ٹوٹ جاتا ہے خواہ وہ ماں بہن ہی کیوں نہ ہو اور نیّت کیسی بھی ہو اسی طرح شرم گاہ کو چھُو لیا تو وضو جاتا رہا۔ جسم کے کسی حصّے سے خون بہہ نکلا۔ وضو ساقط ہو گیا حتیٰ کہ بعض اونٹ کا گوشت کھا لینے کے بعد تجدیدِ وضو کو ضروری گردانتے تھے لیکن ان کے برعکس بعض صحابہ کے خیال میں ان اعمال کے سرزد ہونے کی صورت میں وضو پر کوئی اثر نہ پڑتا تھا۔ جن کا خیال تھا کہ ان اعمال سے وضو ٹوٹ جاتا ہے وہ وضو کر لیتے تھے اور جن کا خیال اس کے برعکس تھا وہ دوبارہ وضو کو ضروری نہ سمجھتے تھے لیکن ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھتے تھے (آج کے دور میں ایسے امام کا بائیکاٹ کر دیا جاتا ہے) کتنی پیاری بات ہے کہ اپنا مسلک نہ چھوڑو۔ دوسرے کے مسلک کو نہ چھیڑو۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سفر میں پوری نماز پڑھا کرتے تھے یعنی ظہر، عصر اور عشاء کی چار رکعات پڑھتے تھے بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم دوگانہ ادا کرتے تھے اگر امام چار پڑھانے والا ہوتا تو سب چار پڑھ لیتے۔ اور اگر دوگانہ کا عقیدہ رکھنے والا امام

نماز پڑھا رہا ہوتا تو چار رکعتوں کا اعتقاد رکھنے والے اس کے پیچھے نماز پڑھ لیتے۔ یہ اختلاف ان لوگوں کو ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنے سے نہ روکتا تھا۔ اور وہ اپنی نماز کو درست سمجھتے تھے۔

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے منیٰ میں چار رکعت نماز ادا کی۔ دوگانہ نہیں پڑھا۔ حالانکہ حج کے موقع پر حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمرؓ اور خود حضرت عثمان رضی اللہ عنہم دوگانہ پڑھتے تھے۔ بعد میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے چار پڑھنا شروع کردیں۔ دیگر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم حسب سابق قصر ہی کرتے رہے۔

تاہم جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھنے کا موقع آیا۔ تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں چار رکعتیں ہی پڑھیں۔ پوچھنے والے نے بظاہر اس تضاد کے بارے میں دریافت فرمایا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ اُمت میں اختلاف پیدا کرنا شر ہے۔ چار کیا! دو کیا! ان کا مسلک اپنی جگہ میرا اپنی جگہ لیکن اس اختلاف کو وجہِ انتشار بنانا درست نہیں۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں نقل کیا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے عمل سے اختلاف کے باوجود حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں چار رکعتیں ہی پڑھیں صحابۂ کرامؓ کے تعامل کے بارہ میں اصل عبارت درج ذیل ہے

الاترى ان الصحابة رضى الله عنهم كان
يصلي بعضهم وراء بعض وفيهم من يرى ان مس
المرأة والعضو وخروج الدم من نواقض الوضوء
ومنهم من لايرى ذلك، ومنهم من يتم فى السفر
ومنهم من يقصر، فلم يكن اختلافهم هذا وغيره
ليمنعهم من الاجتماع فى الصلاة وراء الامام الواحد
والاعتداد بها وذالك لعلمهم بان التفرق فى الدين
شر من الاختلاف في بعض الآراء، ولقد بلغ الامر
ببعضهم في عدم الاعتداد بالراى المخالف
لراى الامام الاعظم في المجتمع الاكبر
كمنى الى حد ترك العمل برايه اطلاقاً فى ذلك
المجتمع فرارًا مما قد ينتج من الشر بسبب العمل
برايه فروى ابوداؤد (٣٠٧/١) ان عثمان رضى الله
عنه صلى بمنى اربعاً فقال عبدالله بن مسعود
منكرا عليه: صليت مع النبى صلى الله عليه
وآله وسلم ركعتين ومع ابى بكر ركعتين ومع عمر
ركعتين ومع عثمان صدراً من امارته ثم اتمها
ثم تفرقت بكم الطرق فلوددت ان لى من اربع
ركعات ركعتين متقبلتين، ثم ان ابن مسعود صلى
اربعا! فقيل له عبت على عثمان ثم صليت اربعًا؟
قال: الخلاف شر. وسنده صحيح وروى احمد

(۵/۱۵۵) نحو هذا عن ابی ذر رضی اللہ عنہم اجمعین۔
فلیتأمل فی ہذا الحدیث وفی الاثر المذکور اولئک الذین لایزالون یتفرقون فی صلواتہم ولا یقتدون ببعض ائمۃ المساجد وخاصۃ فی صلاۃ الوتر فی رمضان بحجۃ کونہم علی خلاف مذہبہم وبعض اولئک الذین یدعون العلم بالفلک ممن یصوم ویفطر وحدہ متقدمًا او متاخرًا عن جماعۃ المسلمین معتدًا برایہ وعلمہ، غیر مبال بالخروج عنہم فلیتامل ہؤلاء جمیعًا فیما ذکرناہ من العلم لعلہم یجدون شفاءً لما فی نفوسہم من جہل وغرور۔
(سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ للالبانی ج۱ حدیث ۲۲۴ صفحہ جات ۳۹۱ تا ۳۹۳)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بالخصوص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے طرزِ عمل پر ان لوگوں کو غور کرنا چاہیئے جو مختلف فقہی مسالک کا بہانہ بنا کر ایک دوسرے کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے اور انتشار کو ہوا دیتے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے زیادہ دینی فہم رکھنے والا کون ہو سکتا ہے؟ ان کی عظمت کو تسلیم کرنے کے باوجود آج لوگ اس راستے پر چلنے سے اجتناب کیوں کرتے ہیں جس راہ پر چل کر انہوں نے وحدتِ ملّت کو پارہ پارہ ہونے سے بچایا۔

اگر وہ اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھ لینے میں کوئی حرج نہ سمجھتے تھے تو آج ہم فقہی مسالک کے اختلافات کو ہوا دے کر دین کی کونسی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ کاش سب لوگ اس پر غور کریں۔

اپنی اپنی الگ ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔ یہاں ایک جماعت موجود ہے۔ اس جماعت سے منسلک لوگ باتیں اچھی کرتے ہیں۔ اور سمجھتے ہیں کہ صرف وہی حق پر ہیں لیکن جب دوسرے مسلمانوں سے ملتے ہیں تو السلام علیکم نہیں کہتے۔ اگر السلام علیکم کہہ دیا جائے تو جواب میں وعلیکم کہیں گے جیسے کسی کافر کو کہا جاتا ہے۔ مسجد میں آتے ہیں لیکن جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھتے۔ انہیں اپنے اس طرزِ عمل پر خود غور کرنا چاہیئے۔ کہ آیا وہ اس طرح اسلام کی خدمت کر رہے ہیں؟

اعمال کی ادائیگی میں جو اختلاف نظر آتا ہے۔ اس کی توضیح ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے بہاولپور یونیورسٹی میں اپنے ایک خطبے کے دوران ایک واقعہ سنا کر پیش کی۔ ڈاکٹر صاحب مذکور کے پرائمری سکول کے ایک استاد کا کہنا تھا کہ چونکہ اللہ تعالےٰ کو اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر ہر عمل کو زندہ رکھنا تھا۔ چنانچہ ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھنے کے عمل کو شیعہ اور مالکی حضرات کے ذریعے محفوظ کر دیا۔ رفع یدین یا اس قسم کے چھوٹے چھوٹے دیگر اعمال کو دوسرے لوگوں کے ذریعہ

قیامت تک کے لئے محفوظ کر دیا۔ چونکہ مختلف لوگ مختلف اعمال کو رسول اللہ کے طریقوں پر ادا کر رہے ہیں۔ اس لئے اسکو حدیث کی غلطی نہیں کہیں گے۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی زندگی میں جس طرح عمل کر کے دکھایا جس کسی نے جس طرح دیکھا اُس پر عمل پیرا ہو گیا۔ لہذا فقہی مسائل کے فروعی اختلافات کو بنیاد بنا کر اُمتِ مسلمہ میں فساد برپا کرنا بہت بڑا جرم ہے۔

علامہ البانی فرماتے ہیں کچھ لوگ حجازِ مقدس میں رمضان کے دوران وتر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا نہیں کرتے اور بہانہ یہ بناتے ہیں کہ امام دو رکعت پڑھ کر سلام پھیر دیتا ہے۔ اور ایک رکعت الگ پڑھتا ہے۔ جبکہ ان کا طریقہ وصل ہے یعنی تینوں ایک سلام سے پڑھتے ہیں۔) اس ضمن میں عوام الناس کا تو ذکر ہی کیا۔ بڑے بڑے علماء اور زعماء کا یہی عمل ہے۔

علامہ البانی لکھتے ہیں کہ ان لوگوں کو غور کرنا چاہیئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جو فرمایا ہے کہ عید باقی مسلمانوں کے ساتھ کر لو۔ خواہ تمہارے حساب سے اس روز ابھی روزہ ہے۔ اور اگر اُمت نے فیصلہ کر لیا ہے۔ قاضی نے حکم دے دیا ہے۔ تو اپنی رائے چھوڑ کر باقی مسلمانوں کے ساتھ روزہ رکھو۔ اگرچہ تمہیں یقین ہے کہ ابھی رمضان کا چاند نظر نہیں آیا۔ آخر اس میں کیا مصلحت تھی؟ جواب بالکل واضح ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اُمت میں انتشار بالکل پسند

نہ تھا۔ وہ امت کو جسدِ واحد کی مانند دیکھنے کے آرزومند تھے۔
لہذا مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ ان باتوں سے اجتناب کریں۔ جو امت میں انتشار پھیلانے کا باعث بنتی ہیں۔ کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ لوگوں کو جوڑا جائے۔ توڑا نہ جائے۔

فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرونِ دریا کچھ نہیں

اس سلسلہ میں شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمتہ اللہ علیہ
جن کے بارے میں مداہنت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ وہ کسی مسئلہ کے بارے میں نرمی اختیار کریں گے۔ (سعودی حکومت کا یہ عظیم کارنامہ ہے کہ اس نے ان کے فتاوے کو ۳۷ سینتیس جلدوں میں چھپوا کر مفت تقسیم کیا ہے) فرماتے ہیں۔

ولهذا ينبغي للمأموم ان يتبع امامه فيما يسوغ فيه الاجتهاد فاذا قنت قنت معه وان ترك القنوت لم يقنت فتاوىٰ ابن تيمية ج۲۳

مقتدی کو چاہیئے کہ جس امام کے پیچھے نماز پڑھے اس کی پیروی کرے۔ اگر امام قنوت پڑھتا ہے (جیسے حنفی اور حنبلی مسالک کے لوگ وتروں میں قنوت پڑھتے ہیں) تو قنوت پڑھے اور اگر امام قنوت نہیں پڑھتا (شافعی لوگ رمضان کے آخری پندرہ دنوں میں پڑھتے ہیں۔ مالکی سال بھر میں ایک دن بھی وتر میں قنوت نہیں پڑھتے) اور آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ رہے

ہیں۔ تو قنوت ترک کر دیں۔ فساد برپا نہ کریں۔ کیونکہ یہ طریقہ کار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ سے چلا آرہا ہے۔

حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کا مسلک ہے جسم سے خون بہہ نکلنے پر بھی وضو باقی رہے گا۔ امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کا بھی یہی مسلک ہے۔ البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک وضوء باقی نہیں رہے گا۔ کسی نے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے سوال کر دیا۔ کہ آپ کا عقیدہ ہے کہ خون بہہ نکلے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اگر کسی کا خون بہہ نکلا اس نے صاف کر دیا۔ لیکن دوبارہ وضو نہیں کیا۔ تو آپ ایسے شخص کی اقتداء میں نماز پڑھیں گے؟

امام نے فرمایا کہ سیدالتابعین سعید بن مسیّب رحمتہ اللہ علیہ یا امام العصر امام مالک رحمتہ اللہ علیہ نماز پڑھا رہے ہوں۔ اور میں ان کی امامت میں نماز ادا نہ کروں؟ یہ کیسے ممکن ہے؟ میرا مسئلہ میرے لئے ان کا ان کے لئے۔ لیکن میں ان کی اقتداء میں نماز ضرور پڑھوں گا۔

بدقسمتی سے مسلمانوں میں انتشار پیدا کرنے کے لئے یہود و نصاریٰ نے ہماری صفوں میں اپنے ایجنٹ شامل کر دیئے۔ اسماء الرجال کی کتب پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہود و نصاریٰ کے یہ ایجنٹ لمبی لمبی داڑھیاں رکھ کر ساری عمر درس دیتے رہے۔ حدیثیں پڑھاتے رہے۔ عالم اور درویش

بنتے رہے۔ لیکن یہ یہود اور نصاریٰ اسلام برباد کرتے رہے اور عمر بھر مسلمانوں میں فساد پھیلاتے رہے۔ بدقسمتی سے آج بھی ایسے نام نہاد علماء کی کمی نہیں ہے۔ جو یہ دھندہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اور دھڑا دھڑ کفر کے فتوے لگا رہے ہیں۔ کوئی ان سے پوچھے کہ لوگ اللہ تعالےٰ کی پرستش کرتے ہیں۔ رسول اللہؐ کو آخری نبی مانتے ہیں۔ قرآن کو تسلیم کرتے ہیں۔ قبلہ کا احترام کرتے ہیں۔ تمہارے پاس انہیں اسلام سے خارج کرنے کی کیا دلیل ہے؟ خدارا اب یہ دھندے چھوڑ دو۔ اُمت مسلمہ کو برباد نہ کرو۔ اور جگ ہنسائی کا سبب نہ بنو۔

امام مالک رحمہ اللہ کا حوالہ اُوپر آیا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ مر بھی قابلِ ذکر ہے کہ جب آپ نے چالیس سال کی محنت سے موطأ جیسی گراں قدر کتاب تالیف فرمائی جس میں اہلِ حجاز کی قوی احادیث اور مستند اقوالِ صحابہ و فتاویٰ تابعین جمع کر دیئے اور اس کے بہترین فقہی ابواب قائم کئے۔ تو خلیفۂ وقت نے جب اس کے چند نسخے کرا کے دوسرے شہروں اور ملکوں میں بھیجنے کا ارادہ کیا تاکہ لوگ اس فقہ پر عمل کریں اور پیدا شدہ اختلافات ختم ہو جائیں۔ تو سب سے پہلے امام مالک رحمہ اللہ ہی نے اس خیال کی مخالفت فرمائی اور فرمایا۔ اُمیر المومنین! آپ ایسا نہ کریں لوگوں تک بہت سی باتیں اور احادیث و روایات پہنچ چکی ہیں اور ہر جگہ کے لوگ ان میں سے کچھ کو اپنا چکے ہیں۔ جس سے خود ہی فقہی اختلاف رونما ہو چکا

ہے اور اب اس اقدام سے مزید اختلافات پیدا ہو جائیں گے۔ اس لئے انہوں نے اپنے لئے جو اختیار کر لیا ہے اسی پر انہیں آپ چھوڑ دیں"۔ اور ایسا ہی ہوا۔ کسی ایک فقہ کو تمام امت پر مسلط کرنے کی یہ تجویز امام مالک رحمہ اللہ کے مشورہ پر خلیفۂ وقت نے خود ہی رد کر دی۔

(اسلام میں اختلاف کے اصول و آداب مصنفہ ڈاکٹر طٰہٰ جابر فیاض العلوانی مترجم ایم اختر صفحہ ۱۰۸، ۱۰۹)

فقہی اختلافات کے سلسلہ میں مسلکِ اہلحدیث کے متبحر عالم حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ فروعی اختلافات کی حقیقت کے عنوان کے تحت فرماتے ہیں

"یہاں یہ سوال اٹھایا جا سکتا ہے اگر تبدیلی ممکن نہیں تو پھر یہ اختلاف کیسے ظہور پذیر ہوا۔ جو آج ہم دیکھتے ہیں۔ مسلمان مختلف مکاتبِ فکر کے پیرو ہیں۔ اسی نماز ہی کو دیکھ لیں اس میں کوئی آمین بالجہر کا قائل ہے تو کوئی آہستہ آمین کہنے پر مصر ہے۔ کسی نے حالت نماز میں ہاتھ سینے پر باندھ رکھے ہیں۔ کسی نے زیرِ ناف ہاتھ باندھنا ضروری قرار دے رکھا ہے۔ اور کسی نے سرے سے باندھنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کی۔ کچھ ایسے ہیں کہ رفع الیدین کرتے ہیں۔ اور کچھ دوسرے نہیں کرتے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سارے کام فعلی ہیں اور سنت سے ثابت ہیں۔ باہمی فقہی اختلافات کے باوجود کوئی بھی یہ نہیں

کہتا کہ نماز میں ہاتھ باندھنا فرض ہے اور پھر سنت بھی اس قسم کی ہے کہ اس کے ترک سے نماز ہو جاتی ہے۔ انور شاہ صاحب نے بھی اسے تسلیم کیا ہے۔ اسی طرح اذان، اقامت کے مسائل ہیں۔ ان تمام مسائل میں اختلاف جواز کا نہیں بلکہ اختیار کا ہے۔ اور دونوں طرح جائز ہے۔ کوئی اس طرح کرے اور کوئی اس طرح کرے۔"

(بحوالہ ص۱۸ درس صحیح بخاری۔ مرتبہ منیر احمد السلفی۔ طبع اول ۱۹۹۲ء، اسلامک پبلشنگ ہاؤس لاہور)

یہاں پر یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ لندن میں مقیم عرب طلباء نے مولانا ابوالاعلیٰ مودودی سے اپنے رسالے "مجلۃ الغرباء" کے لئے نومبر ۱۹۶۸ء میں انٹرویو لیتے ہوئے سوال کیا کہ "پاکستانی مسلمانوں کے اندر مختلف مذہبی تصورات پائے جاتے ہیں۔ جماعت اسلامی نے اختلاف مذاہب کے مسئلہ کو کس طرح حل کیا ہے؟"

جواب میں مولانا موصوف نے دیگر تفاصیل کے علاوہ فرمایا:

"رہے مختلف مذاہب کے اعتقادی اختلافات تو نہ وہ دور کئے جا سکتے ہیں نہ ان کو دور کرنا ضروری ہے۔ صرف اتنی بات کافی ہے کہ ہر گروہ اپنے عقیدے پر قائم رہے اور سب ایک دوسرے کے ساتھ رواداری برتیں۔ اس کے لئے ہم مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔"

(بحوالہ کتاب تصریحات صفحہ ۲۸۴ مرتبہ سلیم منصور خالد طبع ششم مئی ۱۹۹۲ء)

رسالہ ہذا کی طبع اوّل کے بعد کئی اصحاب نے یہ رائے ظاہر کی کہ فروعی، فقہی اختلاف کی بات اور ہے لیکن جہاں عقیدے کا اختلاف ہو وہاں پر اسلام کے دائرے کو وسیع کرنا زیادتی کی بات ہے۔ ذیل میں چند حوالہ جات خاص اسی اعتراض کو مدِنظر رکھتے ہوئے دیئے جا رہے ہیں۔

مناظرِ اسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہ اللہ سے کسی نے پوچھا "کیا آپ مقلدینِ مذاہب اربعہ کو عموماً اور حنفیہ کو خصوصاً کافر کہتے ہیں۔ اور دائرہ اسلام سے خارج جانتے ہیں۔ اور کیا ان کے کفر کے متعلق آپ نے کوئی تحریر بھی شائع کی ہے؟" مولانا نے جواب میں لکھا "مجھے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے شرم آتی ہے کہ یہ سوال مجھ جیسے شخص سے کیوں پوچھا گیا جس نے کبھی کسی کے فتوے کفر پر دستخط نہیں کئے۔ کیونکہ میرا اس باب میں وہی مسلک ہے۔ جو امام المحتاطین امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا ہے۔

"لا نکفر اھل القبلة"

فتاوٰئے ثنائیہ جلد اوّل صفحہ ۲۶۳

(بحوالہ ہفت روزہ اہلِ حدیث ۷ ستمبر ۱۹۱۷ء)

مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلویؒ اپنی کتاب تمہید الایمان کے صفحہ ۸۰ طبع اوّل پر یوں رقم طراز ہیں۔

"ہمیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اہلِ لا الٰہ الا اللہ کی تکفیر سے منع فرمایا ہے۔ جب تک وجہ کفر آفتاب

زیادہ روشن نہ ہو جائے اور کلمۂ اسلام کیلئے اصلاً کوئی ضعیف سا ضعیف محل بھی باقی نہ رہے۔

فان الاسلام یعلو ولا یعلی۔

(بحوالہ کتاب انکشاف حق مصنفہ مفتی محمد خلیل احمد خاں برکاتی قادری بدایونی صـ۸۶)

مشہور حنفی عالم مُلّا علی قاری شرح شفاء جلد ۲ صـ۴۲۵ پر فرماتے ہیں کہ "مسلمین اہل تاویل اگرچہ وہ اپنی تاویل کتاب اللہ میں خطا پر ہوں۔ پھر بھی ان کی تکفیر سے عندالمحققین احتراز واجب ہے۔

(بحوالہ کتاب انکشاف حق مصنفہ مفتی محمد خلیل احمد خاں برکاتی، قادری، بدایونی صـ۸۳)

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے بصرہ اور کوفہ میں مناظرے کئے۔ عُمر بھر دوسروں کی رائے کو رد کرتے رہے۔ لیکن فرمایا میں نے سب کو پرکھا ہے۔ قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے جملہ لوگ مسلمان ہیں۔ ان میں غلطیاں کرنے والے فرد ہیں لیکن کوئی بھی کافر نہیں۔

چند اور حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔

منہاج الطالبین کی شرح لکھتے ہوئے الشیخ محمد الخطیب الشربینی فرماتے ہیں۔

واقول نصّ الشافعی تکفیر القائل بخلق القران بان

المراد كفران النعمة لا لاخراج عن الملة قاله البيهقي وغيره من المحققين لاجماع السلف والخلف على الصلوة خلف المعتزلة ومناكحتهم وموارثتهم.

مغني المحتاج الى معرفة معاني الفاظ المنهاج صـ۱۳۵ ج ۴،

شرح الشيخ محمد الخطيب الشربيني على متن منهاج الطالبين للامام ابي زكريا بن شرف النووي۔ دار الفكر۔

ترجمہ: امام شافعی رحمۃ اللہ کے اس قول میں کہ "قرآن کو مخلوق کہنے والا کافر ہے"۔ کفر سے مراد کفرانِ نعمت لی گئی ہے نہ کہ اسلام سے نکل جانا۔ (یعنی ایسا شخص مسلم ہے۔ مگر اس کی یہ بات غلط ہے) یہ امام بیہقی رحمہ اللہ اور دوسرے محققین نے لکھا ہے اور یہ تاویل اس وجہ سے کی گئی ہے کہ سلف و خلف کا اجماع ہے کہ معتزلہ کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے۔ ان کے ساتھ رشتہ ناتہ کیا جا سکتا ہے۔ وہ مسلمان کی میراث لیں گے۔ اور مسلمان ان کا وارث ہوگا۔

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی سے کون واقف نہیں ہے۔ آپ اپنے زمانہ کے اجل ترین عالموں میں سے تھے۔ جھوٹے مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی کے ساتھ آپ کا علمی جہاد تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ علامہ اقبالؒ نے گول میز کانفرنس منعقدہ لندن میں شرکت کے لئے جانے سے قبل جس طرح اہم علمی مسائل

کے حل کے لئے آپ سے استفادہ کیا اقبالیات کے تمام طالب علم اس سے آگاہ ہیں۔ پیر صاحب رحمہ اللہ موصوف نے مسلمانوں کی تکفیر کے رد میں ایک رسالہ "اعلاء کلمۃ اللہ" کے نام سے لکھا ہے۔ اس رسالہ میں سے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں۔

"معلوم ہونا چاہیئے کہ التزامِ کفر یہ ہے کہ ایک شخص نص کے مدلول کو نص کا مدلول سمجھتے ہوئے اور حکم شرعی کو حکم شرعی جانتے ہوئے انکار کر دیتا ہے اور کہتا ہے۔ میں جانتا ہوں یہ شارع علیہ السلام کا حکم ہے لیکن میں اسکو قبول نہیں کرتا۔ لزومِ کفر یہ ہے کہ جہالت اور نادانی کے باعث یا غلط تاویل کی وجہ سے اس پر کفر لازم آتا ہے۔ پس التزامِ کفر سے انسان کافر ہو جاتا ہے۔ لزومِ کفر سے اس پر کفر کا فتوٰی عائد نہیں کیا جا سکتا۔ اسی وجہ سے فقہاء نے کلماتِ کفر ذکر کرنے کے بعد متکلم کے جہل کو عذر شمار کیا ہے۔ باقی جن فقہا نے یکفر لکھ دیا ہے۔ اس کا معنٰی یہ ہے کہ اس نے کفر والا کام کیا ہے نہ یہ کہ وہ کافر ہو گیا ہے۔ بحر الرائق میں موجود ہے کہ جامع الفصولین میں طحاوی نے ہمارے اصحاب حنفیہ سے روایت کی ہے کہ آدمی کو ایمان سے اس چیز کا انکار نکال سکتا ہے جس کے اقرار نے اسکو ایمان میں داخل کیا تھا۔

مسلمان کے کلام کو جب تک اچھے محل پر حمل کرنا ممکن

ہو یا اس کے کفر میں اختلاف ہو خواہ ضعیف روایت ہی سے کیوں نہ ہو کفر کا فتویٰ نہیں لگانا چاہیئے۔ یہاں کفر کے جو الفاظ ذکر کئے گئے ہیں۔ ان کے تکلم سے فوراً کفر کا حکم لگانا درست نہیں۔ میں نے اس بات کا اپنے نفس پر التزام کیا ہے کہ ان الفاظ سے کسی مسلمان کو کافر نہ کہوں گا۔ بحر الرائق میں لکھا ہے کہ حق یہ ہے جو مجتہدین سے ثابت ہے وہ حقیقت ہے اور ان کے سوا کسی دوسرے کے قول کی وجہ سے کفر کا فتوےٰ دینا درست نہیں۔ اسی لئے "فتح القدیر" باب البغاۃ میں محقق ابن ہمام نے لکھا ہے کہ خوارج کے بارہ میں مجتہدین سے عدم تکفیر مذکور ہے باقی اکثر اہل مذہب کے کلام میں انکی تکفیر مذکور ہے۔ لیکن وہ مجتہدین میں سے نہیں ہیں۔ لہذا ان کا کوئی اعتبار نہیں۔ درالمختار باب المرتد میں لکھا ہے کہ کفر لغت میں چھپانے کو کہتے ہیں اور شرعاً ضروریات دین میں سے کسی چیز کا انکار کرنا جس کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے۔ کفر کے الفاظ اہل فتوےٰ نے نقل کئے ہیں میں نے بھی اس مسئلہ میں ایک علیحدہ کتاب تالیف کی ہے لیکن میں ان میں سے کسی لفظ سے بھی کفر کا فتوےٰ دینا صحیح نہیں سمجھتا۔ ہاں اس صورت میں جس میں تمام مشائخ کا اتفاق ہو۔ بحر الرائق نے بھی کہا ہے میں نے اپنے نفس پر یہ التزام کیا ہے کہ کسی مسلمان کو ان الفاظ سے کافر نہ کہوں گا۔

بعض اہل کلام محدثین اور فقہاء اعمال کے لحاظ سے تو ہر گناہ گار

کو کافر نہیں سمجھتے مگر اعتقاداتِ بدعیہ کی وجہ سے کافر کہتے ہیں۔ خواہ وہ اعتقاد رکھنے والا متاوّل ہی کیوں نہ ہو اور اس بارے میں مجتہد مخطی اور غیر مخطی میں بھی فرق نہیں کرتے بلکہ ہر بدعتی کو کافر کہتے ہیں۔ یہ قول بھی خوارج اور معتزلہ کے قریب قریب ہے۔ اہلِ بدعت اور اہلِ سنت میں یہی فرق ہے کہ اوّل الذکر ایک دوسرے کی تکفیر کرتے ہیں اور مؤخر الذکر غلط اعتقاد والے کو خطا کی طرف نسبت کرتے ہیں کافر نہیں کہتے۔ اھ (بوارق)

علماء کو چاہیئے کہ اپنی تمام تر توجہ اور سعی کسبِ اقتضائے

کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنھون عن المنکر امر بالمعروف نہی عن المنکر میں صرف فرمائیں نہ یہ کہ عوام کالانعام کے کافر بنانے میں ہی پورے جوش کا اظہار کرتے پھریں۔ سراج المنیر میں ہے کہ اگر ایک مسئلہ میں بہت سے وجوہ کفر کے مقتضی ہیں اور صرف ایک وجہ کفر کو منع کرتی ہے تو مفتی کو مسلمان پر حسنِ ظن رکھتے ہوئے اسی ایک وجہ کی طرف میلان کرنا چاہیئے۔" (اقتباسات ختم)

حضرت گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ ہی کے حوالے سے پیرزادہ محمد بہاؤ الحق قاسمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں اکثر نمازِ عصر کے وقت حضرت گولڑوی رحمۃ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا۔ ایک روز حضرت کے مصاحب خاص مولانا محبوب عالم صاحب مرحوم نے میری طرف اشارہ کر کے حضرتؒ سے کہا: "اب کے تمام جماعتوں نے ان کے پیچھے نمازِ عید ادا کی

ہے۔" تو حضرت گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے مخاطب کر کے پنجابی زبان میں فرمایا" تیں تے **جامع المتفرقین** نکلے۔" میرے لئے یہ وہ اعزاز ہے جس پر میں جس قدر فخر کروں، کم ہے۔ (رسالہ اسوۂ اکابر صفحہ ۳)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ "کتھے مہر علی کتھے تیری ثنا" جیسی مقبولِ زمانہ نعت لکھنے والے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے والے لوگ کتنے عزیز تھے۔ جب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک تقاضا یہ بھی تو ہے!

مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ اپنے فتاوے میں فرماتے ہیں:
اہل تحقیق کو امام بخاریؒ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی طرح وسیع الصدر ہونا چاہیئے اور اقتداء کے معاملہ میں اہل بدعت کو بھی بالکل نظرانداز نہیں کرنا چاہیئے۔ ملاحظہ ہو فتاوے ابن تیمیہ مطبوعہ اہل نجد جدید۔ ص ۴۷ فتاوے سلفیہ مولانا محمد اسماعیل سلفی اسلامک پبلشنگ ہاؤس، ۲ بشیش محل روڈ نزد داتا دربار لاہور۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔
وقال الحسن صل خلفه وعليه بدعته - باب امامة المفتون والمبتدع صحيح البخاری مع فتح الباری ج۲ ص ۱۸۰
قوله والمبتدع) ای من اعتقد شيئا مما يخالف اهل السنة والجماعة قوله (وقال الحسن صل وعليه

بدعتہ، وسلہ سعید بن منصور۔

ترجمہ: "تو بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ، اس کی بدعت کا وبال اس کی گردن پر ہے۔"

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ بدعتی وہ ہے جو اہل السنت والجماعت کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے۔

امام حسن بصری رحمہ اللہ کے اس قول کو سعید بن منصور نے ابن المبارک کی روایت سے ہشام بن حسان سے بیان کیا ہے کہ حسن بصری نے فرمایا بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ کہ اس کی بدعت کا گناہ اس کی گردن پر ہے۔"

حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔

وقال نافع، كان ابن عمر يصلي مع الخشبية والخوارج زمن ابن الزبير وهم يقتتلون فقيل له: اتصلي مع هؤلاء ومع هؤلاء وبعضهم يقتل بعضاً؟ فقال: من قال: حيّ على الصلوٰة اجبته ومن قال، حيّ على الفلاح اجبته ومن قال: حيّ على قتل اخيك المسلم وأخذ ماله قلت: لا. رواه سعید ص۱۹۶ ج ۲ المغنی لابی محمد عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ مکتبۃ الریاض الحدیثہ۔

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں خارجیوں کے پیچھے نماز پڑھ لیتے تھے۔ جب کہ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ

کی خارجیوں کے ساتھ جنگ ہو رہی تھی۔ آپ سے سوال کیا گیا کہ آپ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ اور خوارج دونوں کے پیچھے نماز پڑھ لیتے ہیں۔ حالانکہ ان کی آپس میں جنگ ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو بھی حیّ علی الصلوۃ کہے گا۔ میں اسکی آواز پر لبیک کہوں گا۔ جو بھی حیّ علی الفلاح کہے گا۔ میں اس کے ساتھ آواز ملاؤں گا۔ لیکن جو کسی مسلمان بھائی کو قتل کرنے اور اس کا مال لوٹنے کے لئے پکارے گا۔ میں اسکی بات نہیں مانوں گا۔"

جمعہ اور عید کی نمازیں ہر ایک نیک و بد کے پیچھے پڑھی جائیں گی۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ نمازیں معتزلہ کے پیچھے پڑھ لیتے تھے۔ یہی عمل ان کے زمانے کے دوسرے علماء کا تھا۔ حوالہ متعلقہ حسب ذیل ہے۔

(فاما الجمع والاعیاد فانها تصلی خلف کل بر وفاجر وقد کان احمد یشهدها مع المعتزلة و كذلك العلماء الذين في عصره۔ ص ۱۸۹ ج ۲، المغنی)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کی نماز کسی کے پیچھے پڑھنے کے بعد دوبارہ پڑھے گا وہ بدعتی ہے۔ اس روایت سے ظاہر ہے کہ فاسق یا بدعتی کے پیچھے جمعہ یا عید کی نماز پڑھنے کے بعد اس کا اعادہ نہیں کیا جائے گا۔ اصلی عبارت حوالہ متعلقہ کی یوں ہے۔

،وروی عنه انه قال، من اعادها فهو مبتدع وهذا يدل

بمومه على انها لا تعاد خلف فاسق ولا مبتدع۔
ص ۱۸۹، المغنی۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کے معمول کے متعلق روایت ہے۔

وکان ابن عمر يصلي خلف الحجاج ونجدة، احدهما خارجي، والثاني افسق البرية. وكان ابن عمر يقول: الصلوة حسنة ما ابالي من شركني فيها۔

ص ۲۱۳ ج ۴ المحلی للابی محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم۔

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ حجاج اور نجدہ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے۔ ان میں سے ایک بدترین خلائق تھا اور دوسرا خارجی۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے۔ مجھے اس سے کیا غرض کہ میرے ساتھ کون شریک نماز ہے۔

عبدالرزاق رحمۃ اللہ نے ... ثوری رحمۃ اللہ سے انہوں نے عقبہ رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے۔

وعن عبد الرزاق عن سفيان الثوري عن عقبة عن ابي وائل: انه كان يجمع مع المختار الكذاب. وعن ابي الاشعث (۱) قال: ظهرت الخوارج علينا فسالت يحيى بن ابي كثير، فقلت يا ابا نصر كيف ترى في الصلوة خلف هولاء: قال القرآن امامك صل معهم ما صلوها۔ بحوالہ کتاب المحلی ص ۲۱۳ ج ۴

ترجمہ: ابووائل رضی اللہ عنہ، مختار کذاب کے پیچھے جمعہ پڑھتے تھے۔

ابواشعث کی روایت ہے کہ خارجی ہم پر غالب آ گئے تو میں نے یحییٰ بن کثیر رحمہ اللہ سے دریافت کیا۔ اسے ابونصران کے پیچھے نماز کے بارے میں کیا خیال ہے انہوں نے جواب دیا۔ تیرا امام قرآن ہے۔ تو ان کے پیچھے نماز پڑھ جب تک وہ نماز پڑھیں۔

حسن بصریؒ کا قول ہے۔

وعن الحسن، لاتضر المومن صلاته خلف المنافق ولاتنفع المنافق صلاته خلف المومن۔

صـ ۲۱۴ ج: ۴

ترجمہ: مومن، منافق کے پیچھے نماز پڑھے تو اس کی نماز کا کوئی نقصان نہیں۔ اور منافق مومن کے پیچھے پڑھے تو اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔

علی ابن حزم رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

مانعلم احدا من الصحابة رضی اللہ عنهم امتنع من الصلاة خلف المختار وعبید اللہ بن زیاد والحجاج ولا فاسق افسق من هولاء۔

صـ ۲۱۴ ج: ۴

ترجمہ: ہمارے علم میں کوئی صحابیؓ بھی ایسا نہیں جس نے مختار، عبید اللہ بن زیاد اور حجاج کے پیچھے نماز پڑھنے سے انکار کیا ہو۔ حالانکہ ان سے بڑھ کر کوئی فاسق نہیں"

نزل الابرار من فقہ النبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ہے۔

فتجوز امامة الرافضی والخارجی والمعتزلی والمقلد
صـ ۱۳۲ ج: ۱

نزل الابرار من فقه النبی المختار صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم. صـ ۹۷ ج: ۱

رافضی، خارجی، معتزلی اور مقلد کی اقتداء میں نماز جائز ہے۔
مولانا وحید الزماں حیدر آبادی نزل الابرار میں لکھتے ہیں۔

ولیعلم ان ھناک فرقا بین الکافر والمکفر فنا من کفر الروافض ومنا من کفر الخوارج فھم لیسوا بکافرین بل مکفرین بلسان البعض والکافر من کفرہ صریح ومتفق . صـ ۹۷ ج: ۱

ترجمہ "یہ بات سمجھ لینا چاہیئے کہ کافر اور مکفر میں فرق ہے ہم میں سے بعض نے روافض کی تکفیر کی ہے اور بعض نے خوارج کی۔ تو یہ کافر نہیں ہیں۔ بلکہ بعض نے ان کی تکفیر کی ہے (ان کی بعض باتوں کو کفر پر ٹھہرایا ہے) کافر وہی ہوگا جس کا انکار صاف ہو اور اس کے کفر پر اتفاق ہو۔"

مولانا وحید الزماں رحمہ اللہ اسی کتاب کے دوسرے مقامات پر لکھتے ہیں۔

ویصلی علی الملک الظالم السافک للدماء عسی اللّٰہ ان یغفرلہ وعلی العصاۃ من المسلمین ولو کانوا اصحاب الکبائر والبدعات کالرفضۃ والخوارج والمعتزلہ والجھمیۃ صـ ۱۳۲ ج: ۱

ترجمہ: ظالم اور خونریز بادشاہ کا جنازہ پڑھا جائے گا۔ شاید اللہ اس کو معاف فرما دے۔ گناہ گار مسلمانوں کا جنازہ بھی پڑھا جائیگا۔ اگرچہ وہ مرتکب کبیرہ ہوں یا بدعتی ہوں مثلاً روافض، خوارج اور معتزلہ۔

ویجوز مناکحۃ المعتزلہ والامامیۃ والجھمیۃ و اھل البدعات لانا لانکفر احدا من اھل القبلۃ۔
ص ۳۰ ج: ۳

یعنی "معتزلہ" امامیہ جھمیہ اور بدعتی لوگوں سے رشتہ ناطہ جائز ہے۔ کیونکہ ہم اہل قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہیں کرتے۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

ولھذا کان الصحابۃ یصلون خلف الحجاج والمختار بن ابی عبید الثقفی وغیرھما الجمعۃ والجماعۃ۔ فتاویٰ ابن تیمیۃ۔ ص ۳۴۲ ج: ۲۳

"صحابہ رضی اللہ عنہم حجاج اور مختار بن ابی عبید ثقفی کے پیچھے جمعہ اور جماعت کی دیگر نمازیں پڑھ لیتے تھے"۔

وانما تصح مثل ھذہ الصلوٰت خلف الائمۃ اھل البدع کالرافضۃ ونحوھم۔

(فتاوےٰ ابن تیمیہ جلد ۲۳ صفحہ ۳۵۵)

"جمعہ اور عیدین وغیرہ کی نمازیں اہل بدعت مثلاً رافضی اور اُن جیسے دوسرے لوگوں کے پیچھے پڑھی جائیں گی۔

واذا کان الامام مبتدعا فانہ یصلی خلفہ الجمعۃ وتسقط بذلک ص ۳۴۱ ج ۲۳

امام بدعتی ہو تو اس کے پیچھے جمعہ درست ہے اور وہ ادا ہو جائے گا۔ سطورِ بالا میں ہم نے مختلف فتاوے کو جمع کر دیا ہے۔ صرف یہ بتلانا مقصود ہے کہ وحدتِ اُمت کے لئے اکابرین نے کس طرح رواداری کا ثبوت دیا۔ فرقہ معتزلہ اور جہمیہ وغیرہ پرانے فرقے ہیں جو موردِ عتاب اور محلِ غضب رہے ہیں۔ صاحب الدر المختار نے ان کی بابت سخت الفاظ لکھے۔ نماز کے مسائل بیان کرتے ہوئے یہاں تک کہہ دیا کہ یہ بدعتی ہیں۔ گیارہویں صدی ہجری میں دمشق کے علامہ محمد امین شامی نے رد المحتار لکھی جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اسکو پڑھنے کے بعد فقہ حنفی کی کوئی اور کتاب پڑھنے کی ضرورت نہیں (اللہ ان کی قبر پر انوار کی بارش کرے)

علامہ صاحب نے اپنی شرح میں لکھا ہے کہ اکثر متکلمین اور فقہاء نے صاحب درِ مختار سے اختلاف کیا ہے۔ جن لوگوں پر تند و تیز حملے کئے گئے ہیں وہ بھٹکے ہوئے ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کے پیچھے نماز بھی پڑھی جائے گی ان کا جنازہ بھی پڑھایا جائے گا۔ اور ان کی مغفرت کے لئے دُعا بھی کی جائے گی۔ مرنے کے بعد جائیداد کی تقسیم کے سلسلہ میں انہیں مسلمان شمار کیا جائے گا۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فتاوے میں امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ وہ جہمیہ اور مرجیہ فرقوں کے لوگوں سے خلق قرآن کے عقیدہ کے بارے میں مناظرے کرتے

رہے۔ اِن کے عقائد کی تردید میں کتابیں لکھیں۔ ان کے عقائد کو کفریہ کہا۔ لیکن اُن کے مرنے کے بعد ان کی بخشش کیلئے دُعا کرتے۔

امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں۔

ومع هذا فالامام احمد رحمه الله تعالىٰ ترحم عليهم واستغفر لهم لعلمه بانهم لم يتبين لهم انهم مكذبون للرسول ولا جاحدون لما جاء به ولكن تأولوا فاخطاء واوقلدوا من قال لهم ذالك، فتاوىٰ

ابن تیمیہ رحمہ اللہ ج۲۳، ص ۳۴۹-۳۴۸

وحقيقة الامر فى ذالك ان القول قد يكون كفرا فيطلق القول بتكفيره ويقال من قال كذا فهو كافر لكن الشخص المعين الذى قاله لايحكم بكفره حتى تقوم عليه الحجة التى يكفر تاركها ج۲۳ ۳۴۵ وهكذ الاقوال التى يكفر قائلها قد يكون الرجل لم تبلغه النصوص الموجبة لمعرفة الحق وقد تكون عنده ولم تثبت عنده اولم يتمكن من فهمها وقد يكون عرضت له شبهات يعذره الله بها فمن كان من المؤمنين مجتهدا فى طلب الحق واخطأ فان الله يغفر له خطأه كائنا ما كان سواء كان فى المسائل النظريه اوالعملية هذا الذى

علیہ اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وجماہیر أئمۃ الاسلام وما قسموا المسائل الی مسائل اصول یکفر بانکارھا ومسائل فروع لا یکفر بانکارھا۔ ج ۲۳ ص ۳۴۶:

امام صاحب فرماتے ہیں کہ ہماری نظر میں اُنکی باتیں کفریہ ہیں مگر اُن کی سمجھ میں یہ بات نہ آئی کہ یہ باتیں دین کے خلاف ہیں۔ تاہم انہوں نے تحقیق کے بعد جو کچھ سمجھا کہہ دیا۔ حالانکہ وہ نہ نبی کے منکر تھے اور نہ دین کے۔ شاید اللہ ان کا عذر قبول کرلے۔ اللہ کے ہاں رحمت کی کمی نہیں ہے۔ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ کسی کو روکنے کیلئے جنت کے دروازے پر کھڑا ہو جائیگا تو یہ اُسکی نادانی ہے کیونکہ رسول اللہ کے کسی اُمتی کے لئے جنت کے دروازے بند نہیں ہوتے۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے شیعیت کے رد میں ایک کتاب تحریر کی ہے۔ اِس کا نام منہاج السنۃ النبویہ فی نقض کلام الشیعۃ والقدریۃ ہے۔ اِس کتاب کے بارے میں یہ کہہ دینا کافی ہے کہ اِس موضوع پر یہ پہلی اور آخری کتاب ہے۔ بعد میں آنے والوں کے پاس اِس کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اِسی سے خوشہ چینی کرکے کام چلاتے ہیں۔ امام صاحب جب بحث کے دوران اِس بات پر پہنچے کہ خوارج حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

بلکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علاوہ سب کو کافر کہتے ہیں جبکہ شیعہ ان دونوں کو بھی کافر سمجھتے ہیں۔ باوجود رد کرنے کے امام صاحب نے پوری فصل لکھی جس میں فرمایا۔

وقالوا هذا هو القول المعروف عن الصحابة والتابعين لهم باحسان وأئمة الدين انهم لايكفرون ولا يفسقون ولا يؤثمون احدا من المجتهدين المخطئين لا في مسئلة عملية ولا علمية قالوا والفرق بين مسائل الاصول والفروع انما هو من اقوال اهل البدع من اهل الكلام من المعتزلة والجهمية ومن سلك سبيلهم. منهاج السنة ج۳ ص۲۰/۲۱ وأهل السنة لايبتدعون قولا ولا يكفرون من اجتهد فاخطأ وان كان مخالفا لهم مكفرا لهم مستحلا لدمائهم كما لم تكفر الصحابة الخوارج مع تكفيرهم لعثمان وعلى ومن والاهما واستحلالهم لدماء المسلمين المخالفين لهم. منهاج السنة ج۳ ص۲۳، فالمجتهد المستدل من امام وعالم وحاكم وناظر ومناظر ومفت وغير ذلك اذا اجتهد واستدل فاتقى الله ما استطاع كان هذا هو الذى كلفه الله اياه وهو مطيع لله مستحق

للثواب اذا اتقاه ما استطاع ولا يعاقبه الله البتة الخ - منهاج السنة ج ۳ ص ۲۷

"مسئلہ اصول کا ہو یا فروع کا فقہ کا ہو خواہ عقائد کا اگر کسی نے مسئلہ کو سمجھنے کی جدوجہد کی تو گویا اس نے دین کو سمجھنے کی سعی کی لہٰذا وہ بھی اجر و ثواب کا مستحق ٹھہرے گا خواہ وہ خارجی ہو یا شیعہ ان میں نہ کوئی کافر ہے نہ مرتد۔

علامہ عبدالعلی اصول فقہ حنفیہ کی کتاب مسلم الثبوت کی شرح فواتح الرحموت میں لکھتے ہیں۔

فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت ج ۲ ص ۲۲۲/۲۲۳

وفی البحر الرائق حقق بتفصیل بلیغ ان تکفیر الروافض لیس مذهبا لأئمتنا المتقدمین وانما ظهر فی اقوال المتاخرین فالوجه فی عدم تکفیرهم ان تدینهما وقع فیما وقع فهما انما وقعوا فیما وقعوا منهما انه دین محمدی وان کان زعمهم باطلا بیقین غیر مشوب باحتمال ریب فیهم وما کذبوا محمدا صلی الله علیه واله وسلم فی زعمهم فهم غیر ملتزمین الکفر والتزام الکفر کفر دون لزومه اما انکارهم للمجمع علیه وان کان انکار جلی ونشاء من سفاهة لکن لیس انکارا مع اعترافهما انه مجمع علیه بل یکون

کونه کذلک لشبهة نشأت لهم وان کانت باطلة فی نفس الامر وھی زعمھما ان امیرالمؤمنین علیا انما بایع تقیة وخوفا وان کان ھذا الزعم منھم باطلا مما یضحک به الصبیان وامیرالمؤمنین علی بریٔ من نحو ھذا التقیة الشنیعة واللہ ھو بریٔ لاریب فی انه بریٔ فھذہ الشبھة وان کانت شبھة شیطانیة وانما جراھم علیھا الوساوس الشیطانیة لکنھا مانعة عن التکفیر وانما الکفر انکار المجمع مع اعترافه انه مجمع علیه من غیر تاویل وھل ھذا الا کما اذا انکر المنصوص بالنص القطعی بتاویل باطل وھو لیس کفرا کذا ھذا۔

فرماتے ہیں کہ کوئی حدیث کو درست تسلیم کرتا ہے مگر رسول اللہؐ کے بارہ میں کہتا ہے کہ معاذاللہ وہ جھوٹے ہیں تو وہ کافر ہے۔ اگر وہ کہتا ہے کہ میں نہیں مانتا کہ رسول اللہؐ نے واقعی ایسا فرمایا تھا۔ تو وہ راوی یا روایت کو رد کر رہا ہوتا ہے۔

رسول اللہؐ کو نہیں۔ ہاں اگر رسول اللہؐ موجود ہوں اور کوئی یہ بات کہے کہ میں نہیں مانتا تو وہ کافر ہے۔ چونکہ بہت سی روایات کمزور اور ضعیف ہیں لہٰذا ان کو رد کرنے والا کافر نہیں ٹھہرے گا۔ ہم خود بعض فرقوں کی بیان کردہ حدیثوں کی صحت کا انکار کرتے ہیں۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ کسی حدیث کی صحت

کے بارے میں شبہ کا اظہار کرنے پر کوئی کافر نہیں ہوتا جب تک وہ دیدہ دلیری سے یہ نہ کہہ دے کہ ہاں میں مانتا ہوں کہ قرآن میں یہ لکھا ہے لیکن میں نہیں مانتا یا حدیث کے بارے میں ایسے الفاظ ادا کرے لیکن اگر کوئی حدیث کی صحت کے بارہ میں شک کرتا ہے یا کوئی شخص کسی آیت کے مفہوم کے بارے میں اختلاف کرتا ہے تو اسکی تصحیح کرنا اور سمجھانا بہتر ہوگا نہ کہ اُسے دائرۂ اسلام سے ہی خارج کر دیا جائے۔

امام غزالی رحمہ اللہ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ وہ فلسفی، دانشور اور علم کلام کے ماہر کے طور پر معروف ہیں۔ ان کی کتاب احیاء عُلوم الدین اہل علم میں بے حد مقبول ہے۔ امام صاحب کے دَور میں بھی تکفیر کا طوفان برپا تھا۔ آج کی طرح اس وقت بھی بات بات پر کُفر کے فتوے صادر ہوتے تھے۔ مخالفین کا جینا دوبھر تھا یہاں تک کہ ایک معتزلی عالم ۲۵ سال تک اپنے گھر سے نہ نکل سکے۔ ایسے وقت میں امام صاحب نے نعرۂ حق بلند کیا۔ اور مشہور رسالہ "التفرقہ بین الاسلام والزندقہ" تحریر کیا۔ نو سو سال پہلے لکھی جانے والی اس موضوع پر یہ پہلی تحریر ہے۔

امام غزالی رحمہ اللہ کی اس علمی و اصلاحی کوشش کی اگرچہ ابتداء میں بہت مخالفت ہوئی۔ لیکن بقول علامہ

شبلی رحمہ اللہ بالآخر یہ علم کلام کا مسئلہ بن گیا کہ اہل قبلہ جس قدر ہیں سب مسلمان ہیں چنانچہ علم کلام کی تمام کتابوں کا خاتمہ اسی مسئلہ پہ ہوتا ہے" رسالۃ التفرقۃ بین الاسلام والزندقۃ کا خلاصہ مورخ اسلام علامہ شبلی نے اپنی کتاب "الغزالیؒ" میں نقل کیا ہے اس خلاصے کو جزءاً ضمیمے کے طور پر کتاب ہذا میں شامل کیا جا رہا ہے۔

اب شاہ ولی اللہؒ کا ذکر ہو جائے کس کس کے حوالے دیں جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے بصیرت کے نور اور عقل سے نوازا ہے وہ چیختے رہے مگر جس طرح نقار خانے میں طوطی کی آواز کوئی نہیں سنتا معاملہ جوں کا توں رہا۔ پیٹ پرست ملاؤں نے لوگوں کا کچھ نہیں بننے دیا نہ بننے دیں گے۔

ے میں جانتا ہوں جماعت کا حشر کیا ہوگا۔
مسائل نظری میں الجھ گیا ہے خطیب

ہمارا خطیب امت کو ان باتوں میں الجھا کر لے ڈوبا جن سے اسلام کو تو کوئی نفع نہیں پہنچا آپس میں محاذ آرائیوں کی وجہ سے ہماری حکومتیں برباد ہو گئیں کافروں کا غلبہ ہو گیا لیکن ہمارے جھگڑے ختم نہ ہوئے یہ بد قسمتی ہے کہ "علم و دیانت کی کمی اور اغراض و اہوا کی زیادتی" کے شکار فتویٰ فروش ملاؤں نے مسلمانوں کو کہیں کا نہ چھوڑا بہر حال بات ہو رہی تھی شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی تو سنو! آپ اہل حدیث کہلاتے ہیں وہ دیوبندی ہیں آپ کے جدِّ امجد

توشاہ ولی اللہ رحمہ اللہ ہی ہیں اس ملک میں سب سے پہلے یہی شخص ہیں جنہوں نے حدیث کو نمایاں کیا ہر بات کو واضح کیا ان کی کتاب حجۃ اللہ البالغہ کو تو معجزہ سمجھیں۔ جنہوں نے اس کتاب کا مطالعہ نہیں کیا انہیں کیا بتائیں واقعی اللہ تعالےٰ نے ان کی زبان سے حجت تمام کردی ایک ایک مسئلہ کا فلسفہ بتایا نواب صدیق الحسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بارہ صدیوں تک لوگ حدیثوں کی شرحیں لکھتے رہے مگر فلسفۂ شریعت کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ حکم دیا تو کیوں دیا؟ یہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ کے علاوہ کوئی بیان نہ کرسکا۔

اس کتاب میں وضو، نماز سے لے کر پوری شریعت کو کھول کر بیان کیا اس میں بتایا گیا کہ خدا کے دین میں کوئی بات زبردستی داخل نہیں کی گئی ہر شے کے اندر فلسفہ موجود ہے۔

شاہ صاحب رحمہ اللہ نے کتابِ مذکورہ میں ایک باب بعنوان "اسباب اختلاف الفقہاء" قائم کیا ہے اسمیں لکھتے ہیں

ج۰ ۱۳۰ حجۃ اللہ البالغہ جزء اول ص۱۵۹-۱۵۸

ومنها ان اكثر صور الاختلاف بين الفقهاء لاسيما فى المسائل التى ظهر فيها اقوال الصحابة فى الجانبين كتكبيرات التشريق وتكبيرات العيدين ونكاح المحرم وتشهد ابن عباس و

ابن مسعود والاخفاء بالبسملة وبآمين والاشفاع والایتار فی الاقامة ونحو ذلك انما هو فی ترجیح احد القولین وکان السلف لایختلفون فی اصل المشروعیة وانما کان خلافهم فی اولی الامرین: وقد کان فی الصحابة والتابعین ومن بعدهم من یقرأ البسملة ومنهم من لا یقرؤها ومنهم من یجهر بها ومنهم لایجهر بها وکان منهم من یقنت فی الفجر ومنهم من لا یقنت ومنهم من یتوضأ من الحجامة والرعاف والقئ ومنهم من لایتوضأ من ذلك ومنهم من یتوضأ عن مس الذکر ومس النسآء بشهوة ومنهم من لایتوضأ من ذلك ومنهم من یتوضأ مما مسته النار ومنهم من لایتوضأ من ذلك ومنهم من یتوضأ من اکل لحوم الابل ومنهم من لایتوضأ من ذلك ومع هذا کان بعضهم یصلی خلف بعض مثل ماکان ابوحنیفة او اصحابه والشافعی وغیرهم رضی الله عنهم یصلون خلف ائمة المدینة من المالکیة وغیرهم وان کانوا لایقرؤن البسملة لاسرا ولاجهرا و صلی الرشید اماما وقد احتجم فصلی الامام ابویوسف خلفه ولم یعد وکان افتاه الامام

مالک بانہ لا وضوء علیہ وکان الامام احمد ابن حنبل یری الوضوء من الرعاف والحجامۃ فقیل لہ: فان کان الامام قد خرج منہ الدم ولم یتوضأ ہل یصلی خلفہ؟ فقال: کیف لا اصلی خلف الامام مالک وسعید ابن المسیب ویروی ان ابا یوسف ومحمدا کانا یکبران فی العیدین تکبیر ابن عباس لان ہارون الرشید کان یحب تکبیر جدہ۔

حجۃ اللہ البالغہ جلد نمبر ا صفحہ نمبر ۱۵۸ - ۱۵۹

اس کے ذیل میں لکھتے ہیں مثلاً کوئی عید کی سات اور پانچ تکبیریں کہتا ہے کوئی حنفی تین بتاتا ہے کوئی وتروں میں قنوت پڑھتا ہے کوئی نہیں پڑھتا۔ کوئی بسم اللہ اونچی آواز سے کہتا ہے کوئی اونچی آواز سے نہیں کہتا۔ وتر کوئی جوڑ کر پڑھتا ہے کوئی الگ۔

شاہ صاحب رحمہ اللہ ان سب کے بارہ میں فرماتے ہیں۔ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانے سے یہ باتیں چلی آرہی ہیں۔ اور کسی نے نہیں کہا کہ یہ جائز ہے اور یہ ناجائز سارے گروہ متفق تھے کہ سب باتیں جائز ہیں۔ ایک عمل ٹھیک ہے لیکن یہ ذرا زیادہ اچھا ہے یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زیادہ عمل کیا اس لئے زیادہ اچھا ہے وہ اختلاف ضرور کرتے تھے لیکن سلف میں سے کسی نے یہ نہیں کہا کہ

یہ عمل سرے سے موجود ہی نہ تھا۔ وہ کہتے تھے کہ دونوں عمل موجود تھے ہم سات اور پانچ تکبیریں کہتے ہیں لیکن اللہ! اگر کوئی حنفی امام تین تکبیروں سے عید پڑھا دے تو دکھ کس بات کا جب کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی آسمان کے سورج کی طرح روشن روایت موجود ہے کہ جب وہ کوفہ میں حاکم تھے تو حنفیوں کی طرح تین تکبیروں سے عید پڑھاتے تھے ابن حزمؒ فرماتے ہیں جسطرح سورج میں کوئی شک نہیں اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے۔

شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ کا ذکر چھڑا ہے تو یہ بیان کرنا مناسب ہوگا اور موضوع زیر بحث سے متعلق ہوگا کہ اٹھارہویں صدی میں جب ہندوستان کی مسلم سلطنت ٹکڑے ٹکڑے ہو رہی تھی۔ تو یہاں شیعہ سنی چپقلش اور محاذ آرائی پورے زوروں پر تھی دونوں فرقے ایک دوسرے کو واجب القتل سمجھتے تھے۔ ان میں بلوے عام تھے۔

نوبت یہاں تک پہنچ گئی تھی کہ معتدل مزاج لوگوں کے لئے اپنی جان بچانا مشکل ہو گیا تھا مثلاً شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ نے جب ایک انتہا پسند سنی کے اصرار کے باوجود شیعوں کو کافر کہنے سے انکار کر دیا تو وہ خاصا برہم ہوا اور کہنے لگا یہ تو شیعہ ہے۔

(بحوالہ کتاب رود کوثر مصنفہ ڈاکٹر شیخ محمد اکرام)

تکفیر باز عالموں کو سوچنا چاہیئے کہ وہ امت کو لڑا لڑا کر

کیوں ہلاک کر رہے ہیں۔ قرآن مجید تو ایک بات لے کر آیا جو آیۃ کریمہ شروع خطبہ میں پڑھی کہ اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو۔ مسائل ضرور سمجھائیں۔ پیار اور محبت سے درس دیں۔ وعظ کریں۔ مگر اُمّت مسلمہ کو برباد نہ کریں۔ یہ جھگڑے ہمیشہ سے موجود تھے۔ مگر سب لوگ ایک دوسرے کے پیچھے نماز ادا کرتے تھے۔

اس سلسلہ میں ایک اور حوالہ پیش خدمت ہے۔ قاضی ابو یوسف رحمہ اللہ عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے دور میں چیف جسٹس تھے۔ ہارون الرشید نے نماز پڑھائی (اس دور میں خلیفہ نماز پڑھاتے تھے۔ آج کل کی طرح نہیں کہ امامت بھی نہیں کراتے) نماز اس حالت میں پڑھائی کہ اس نے وضو کے بعد سینگیاں لگوائیں۔ خون نکلوایا وضو نہیں کیا۔ قاضی صاحب کے مطابق وضو ٹوٹ گیا تھا۔ لیکن قاضی ابو یوسفؒ نے خلیفہ کی اقتدا میں نماز ادا کی۔ اور بعد میں اسے دہرایا نہیں۔ ہارون الرشید نے اس لئے ایسا کیا کہ امام مالکؒ نے یہ فتوے دے رکھا تھا کہ اس طرح وضو نہیں ٹوٹتا۔ اس نے اس نے اس پر عمل کیا۔ قاضی صاحب رحمہ اللہ بھی چپ رہے کہ ہمارے مسلک کے بارہ میں کوئی وحی تو نازل نہیں ہوئی کہ ہمارا مسلک ہی درست ہے۔ دوسرا جو بہتر سمجھتا ہے اس پر عمل کرے۔

امام ابو یوسف رحمہ اللہ اور امام محمد رحمہ اللہ دونوں

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے شاگرد تھے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ عیدین میں تین زائد تکبیریں ہیں۔ مگر جب نماز پڑھاتے تو سات اور پانچ تکبیریں کہتے۔ کیونکہ خلیفہ عباسی تھا۔ اور وہ اپنے دادا کے طریق کا پیروکار تھا۔ اس لئے کہ ہارون الرشید کو اپنے دادا کا طریقہ پسند تھا۔ اس پر ان دونوں اماموں نے کہا کہ اس بات پر شور مچانے کا فائدہ؟ اگر خلیفہ اسی پر خوش ہے تو تسلیم! آخر یہ طریقہ بھی تو موجود رہا ہے۔

ان مثالوں سے یہ بات واضح کرنا مقصود ہے (خدا کرے کہ بات واضح ہو گئی ہو۔ میرے اور آپ کے دلوں میں جاگزیں ہو جائے) کہ امتِ مسلمہ کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پرچم مشرق تا مغرب لہرا رہا ہے۔ کلمہ گو اُمت موجود ہے۔ کسی بستی میں بھی جائیں تو فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسے مسلمان بھائیوں کی بستی سمجھیں۔ سوڈان نے جائیں۔ نائیجریا جائیں۔ دوسرے علاقوں میں جائیں۔ مالکی حضرات کو دیکھیں۔ ہاتھ کھُلے چھوڑ کر نماز ادا کرتے ہیں۔ رفع یدین نہیں کرتے کوئی برا نہیں مناتا۔ آپ انتظار کریں گے کہ سلام دونوں طرف پھیریں گے۔ مگر وہ صرف ایک بار السلام علیکم کہہ کر نماز ختم کر دیں گے۔

ایسی صورتحال دیکھ کر آپ پریشان نہ ہوں۔ دینِ اسلام میں بڑی وسعت ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ تمام فروعی مسائل کو بھلا کر تمام مسالک کا احترام کریں۔ جب تک کوئی فرد رسولُ اللہ کو اپنا ہادی

اور آخری نبی مان رہا ہے وہ آپ کا بھائی ہے۔ آپکے خیال میں اگر کوئی فرد راہِ راست سے بھٹکا ہوا ہے یا اس کے مسئلے کو آپ غلط تصوّر کرتے ہیں تو پیار محبت سے سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کریں۔ ہر فرقہ اپنے عقائد اور فقہ کی تدوین کر چکا ہے۔ کوئی ایک آدمی تو اپنا مسلک چھوڑ کر دوسرے مسلک کے گروہ میں شمولیّت کر سکتا ہے۔ تمام کا تمام فرقہ نہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ وحدتِ اُمّت کی خاطر ہم ایک دوسرے کی مساجد میں مل کر نماز ادا کریں۔ جنازوں میں شرکت کریں۔ آپس میں رشتے ناتے کریں۔ تاکہ بُعد دُور ہو۔ اور اُمتِ مسلمہ ایک جسدِ واحد بن جائے۔ اسی میں ہم سب کا بھلا ہے۔ یہی اسلام کا پیغام ہے۔ بصورتِ دیگر دنیا بھر میں مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔

مباحثوں اور مناظروں کا طریقہ تشحیذِ ذہن اور تحقیقِ مسائل کیلئے تو مفید ہو سکتا ہے لیکن مذہبی مناظروں کا جو طریقِ کار اپنایا جاتا ہے، وہ نامناسب ہے۔ کیونکہ ایک دوسرے کو لعن طعن کا نشانہ بنایا جاتا ہے، درشتی کا لہجہ اختیار کیا جاتا ہے اور بعض اوقات دنگا فساد ہو جاتا ہے جس میں قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ اور ہمیشہ کیلئے عداوت پیدا ہوتی ہے اور آئندہ اس منافرت و عداوت میں اضافہ ہوتا رہتا

ہے۔ کچھ لوگوں نے اس طریق کار کو حمایتِ مذہب اور
مدافعتِ اسلام کا نام دیا ہے۔ مگر درحقیقت اس سے
خلقِ خدا تباہ ہوتی ہے۔ جو مذہبی پیشوا دوسرے کی اصلاح
کا تمنائی ہے، اس کا فرض ہے کہ وہ مخالف کو نرمی سے
سمجھائے اور اسے نمود و نمائش اور اپنی برتری جتانے
کی خاطر وجہِ فساد بنانے کی کوشش نہ کرے۔ مشکوٰۃ شریف
میں صحیح ترین حدیث ہے۔ کہ بنی اسرائیل کے ایک
بڑے عابد نے ایک خطاکار کے متعلق کہا کہ خدا کی
قسم تو نہیں بخشا جائے گا۔ اس خود بینی کی بنا پر اس کی
تمام نیکیاں برباد ہو گئیں اور اُسے دوزخ میں ٹھونس دیا گیا۔
اس شخص نے دوسرے کو دوزخ کی وعید دے کر
خود دوزخ خرید لی۔ جو لوگ کفر کے فتوے صادر کرتے
ہیں اُن کو اِن باتوں پر غور کرنا چاہیئے۔ حدیث شریف مذکور
کی اصل عبارت ذیل میں دی جا رہی ہے۔

وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم ان رجلین کانا فی بنی اسرائیل
متحابین احدهما مجتهد فی العبادة والاخر
یقول مذنب فجعل یقول اقصر عما انت
فیه فیقول خلنی وربی حتی وجده یوما
علی ذنب استعظمه فقال اقصر فقال خلنی
وربی ابعثت علی رقیبا فقال والله لا یغفر الله

لک ابداً ولا یدخل الجنۃ فبعث اللّٰہ
الیھما ملکا قبض ارواحھما فاجتمعا عندہ
فقال للمذنب ادخل الجنۃ برحمتی وقال
للاخر اتستطیع ان تحظر علی عبدی رحمتی
فقال لا یارب قال اذھبوا بہ الی النار رواہ احمد۔

خوفِ طوالت سے ہم مزید حوالہ جات درج نہیں کر رہے۔ جن لوگوں کو اللہ نے بصیرت دی ہے وہ لکھتے آ رہے ہیں بہانگ دہل کہتے آ رہے ہیں کہ جو لوگ اللہ کو مانتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی مانتے ہیں، قرآن کو کتاب ہدایت تسلیم کرتے ہیں، قبلہ رُخ ہو کر نماز پڑھتے ہیں مسلمان ہیں فروعی اختلاف کی بنا پر کسی کو فوراً کافر قرار دینا بہت بڑا جرم ہے ایسے لوگوں کو اللہ سے ڈرنا چاہیئے کیونکہ ان کے اس قسم کے فتووں سے خود ان کی اپنی نیکیاں برباد ہو سکتی ہیں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسے ادارے بنائے جائیں جہاں سے طالب علم کھلے ذہن لیکر نکلیں۔ وہ فسادی لوگوں کے آلۂ کار نہ بنیں۔ اگر اس جانب توجہ نہ دی گئی تو دینی ادارے فساد کے اڈے بنے رہیں گے۔

آج دنیا بھر کی طاغوتی قوتیں اسلام کے خلاف محاذ آرا ہیں۔ کئی خطوں میں مسلمانوں کا خون بہہ رہا ہے۔ خونِ مسلم کی ارزانی برہر آنکھ آشکار ہے۔ ایسی صورت میں مسلمانوں کا اتحاد وقت کی پکار ہے۔ المیہ یہ ہے کہ مسلمان کفار کی فریب کاریوں

کاغکار ہو کر آپس میں برسرِ پیکار ہیں۔ یوں دانستہ یا نادانستہ طور پر کفار کے عزائم کی تکمیل ہو رہی ہے۔ تبلیغی مساعی بے ثمر ثابت ہو رہی ہیں۔ خدارا ہوش میں آئیں۔ فرقہ بندی کر کے مسلمان اُمت کو کمزور نہ کریں۔ جو بھی کلمہ گو ہے اس کا احترام کریں۔

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ ۝

تلخیص و اقتباس

از

رسالہ التفرقہ بین الاسلام والزندقہ

مصنفہ: امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ

منقول از کتاب "الغزالی"

مصنفہ: مولانا شبلی نعمانیؒ

شائع کردہ:-

مدینہ پبلشنگ کمپنی

بندر روڈ۔ کراچی

(صفحہ ۱۳۷ تا ۱۹۰)

امام غزالیؒ نے سب سے بڑا کام یہ کیا کہ نصوص شرعیہ کی تاویل و تفسیر کیلئے اصول و قواعد منضبط کئے اور خاص اس بحث پر ایک مستقل رسالہ لکھا جس کا نام التفرقہ بین الاسلام والزندقہ ہے چونکہ یہ رسالہ نہایت مفید اور علم کلام کے سلسلہ میں نہایت مہتم بالشان چیز ہے اس لئے ہم اس کا خلاصہ اس مقام پر درج کرتے ہیں۔

التفرقہ بین الاسلام والزندقہ

یہ اس عہد کی تصنیف ہے کہ امام صاحب اشعری کی تقلید سے آزاد ہو چکے ہیں اور احیاء العلوم اشاعت پا چکی ہے اور چونکہ اس کتاب میں بعض جگہ اشعریوں کے مخالف خیالات پائے جاتے ہیں اشاعرہ میں نہایت ناراضی پھیلی ہوئی ہے اور امام صاحب کی تضلیل اور تکفیر کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں۔ یہ حالات دیکھ کر امام صاحب کے ایک مخلص دوست کا دل جلتا ہے اور امام صاحب کو تمام واقعات کی اطلاع دیتا ہے۔ امام صاحب اس کو جواب میں لکھتے ہیں۔ یہی جواب التفرقہ بین الاسلام والزندقہ کے نام سے شہرت پاتا ہے۔

دیباچہ میں لکھتے ہیں۔

برادرِ شفیق! حاسدین کا گروہ جو میری بعض تصنیفات (متعلق بالمرتدین) پر نکتہ چینی کر رہا ہے اور خیال کرتا ہے کہ یہ تصنیفات قدمائے اسلام اور مشائخ اہل کلام کے خلاف ہیں اور یہ کہ اشعری کے عقیدے سے بال برابر بھی ہٹنا کفر ہے۔ اس پر جو تم کو صدمہ ہوتا ہے اور تمہارا دل جلتا ہے اس سے واقف ہوں۔ لیکن عزیزمن! تم کو صبر کرنا چاہیئے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مطاعن سے نہ بچ سکے تو میری کیا ہستی ہے۔ جس شخص کا یہ خیال ہے کہ اشاعرہ یا معتزلہ یا حنبلیہ یا اور دیگر فرقوں کی مخالفت کفر ہے تو سمجھ لو کہ وہ اندھا مقلد ہے۔ اس کی اصلاح کی کوشش میں اپنے اوقات نہ ضائع کرو۔ جو شخص اشعری کی مخالفت کو کفر خیال کرتا ہے اور اس بنا پر علامہ باقلانی کو کافر کہتا ہے۔ اس سے پوچھنا چاہیے کہ اشعری اور باقلانی اگر باہم مخالف ہیں تو باقلانی کے کفر کو اشعری کے کفر پر کیوں ترجیح ہے۔ اس کے برعکس کیوں نہ ہوا۔ اور اگر باقلانی کی مخالفت جائز ہے تو کرابیسی اور قلانسی کی مخالفت کیوں نہیں جائز ہے۔ اگر وہ شخص یہ کہے کہ معتزلہ کا یہ عقیدہ عقل میں نہیں آسکتا کہ خدا کی ذات ہی تمام صفات کی بجائے کافی ہے تو اس سے پوچھنا چاہیئے کہ اشعری کا یہ عقیدہ کیونکر خیال میں آسکتا ہے کہ کلام الٰہی میں کثرت نہیں اور پھر وہ امر بھی ہے اور نہی بھی۔ خبر بھی ہے اور استخبار بھی۔ قرآن بھی ہے اور انجیل بھی۔ توراۃ بھی ہے اور زبور بھی۔

اگر تم انصاف کرو تو معلوم ہوگا کہ جو شخص حق کو کسی شخص خاص

میں محدود سمجھتا ہے وہ کفر کے خود قریب ہے۔ کیونکہ اس نے اس شخص کو رسول اللہؐ کی طرح معصوم قرار دیا۔ غالباً تم کو کفر کے معیار کے جاننے کی خواہش ہوگی تو میں ایک قاعدہ کلیہ بتاتا ہوں کہ کفر کے معنی صرف یہ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی جائے اس چیز میں جو ان پر خدا کی طرف سے آئی۔ لیکن اس میں یہ دشواری پیش آئیگی کہ مسلمانوں میں سے ہر فرقہ دوسرے فرقہ کی نسبت یہی الزام لگاتا ہے۔ اشعری، معتزلہ کو اس لئے کافر کہتے ہیں کہ معتزلہ احادیث رویئت کو تسلیم نہیں کرتے اور اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب کرتے ہیں۔ معتزلہ اس لئے اشعری کی تکفیر کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک صفاتِ الٰہی کی کثرت کا قائل ہونا توحید باری کے خلاف ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب ہے اس مشکل کو حل کرنے کے لئے تم کو تصدیق و تکذیب کی حقیقت بتاتا ہوں۔

تصدیق کے یہ معنی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس چیز کے وجود کی خبر دی ہے اس کے وجود کو تسلیم کیا جائے لیکن وجود کے پانچ مدارج ہیں اور انہی مدارج سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ہر فرقہ دوسرے فرقہ کی تکذیب کرتا ہے۔

وجود کے مراتبِ خمسہ کی تفصیل

۱: وجود ذاتی یعنی وجود خارجی۔

۲: وجودِ حسّی: یعنی صرف حاسہ میں موجود ہونا مثلاً خواب میں ہم جن اشیاء کو دیکھتے ہیں ان کا وجود صرف ہمارے حاسہ میں ہوتا ہے یا جس طرح بیماروں کو جاگتے کی حالت میں خیالی صورتیں نظر آتی ہیں۔ شعلۂ جوالہ کا دائرہ جو درحقیقت دائرہ نہیں ہم کو دائرہ نظر آتا ہے۔

۳: وجودِ خیالی: مثلاً زید کو ہم نے دیکھا پھر آنکھیں بند کر لیں تو زید کی صورت جواب ہماری آنکھوں میں پھرتی ہے یہ وجود خیالی ہے۔

۴: وجودِ عقلی: یعنی کسی شئے کی اصل حقیقت مثلاً جب ہم کہتے ہیں کہ یہ چیز ہمارے ہاتھ میں ہے اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ ہماری قدرت اور اختیار میں ہے تو قدرت اور اختیار ہاتھ کا وجودِ عقلی ہے۔

۵: وجودِ شبہی: یعنی وہ شئے خود موجود نہیں لیکن اس کے مشابہ ایک چیز موجود ہے۔ ان اقسام کے بیان کرنے کے بعد امام صاحب نے ہر ایک کی متعدد مثالیں لکھی ہیں۔ مثلاً حدیث میں آتا ہے کہ قیامت میں موت مینڈھے کی شکل میں لائی جائے گی اور ذبح کر دی جائے گی۔ اس کو وجودِ حسی قرار دیا گیا ہے یا مثلاً حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں یونس کو دیکھ رہا ہوں۔ الخ اس کو وجودِ خیالی کی مثال میں پیش کیا ہے۔

تفصیلی مثالوں کے بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ شریعت میں جن چیزوں کا ذکر آیا ہے اُن کے وجود کا مطلقاً انکار کرنا کفر ہے لیکن اگر اقسامِ مذکورہ بالا سے کسی قسم کے مطابق اس کا وجود تسلیم کیا جائے تو یہ کفر نہیں ہے۔ کیونکہ یہ تاویل ہے اور تاویل سے کسی فرقہ

کو مفر نہیں. سب سے زیادہ امام احمد بن حنبل تاویل سے بچتے ہیں لیکن مفصلۂ ذیل حدیثوں میں ان کو بھی تاویل کرنی پڑی۔

"حجر اسود خدا کا ہاتھ ہے. مسلمانوں کا دل خدا کی انگلیوں میں ہے. مجھ کو یمن سے خدا کی خوشبو آتی ہے"۔ پھر لکھتے ہیں کہ احادیث میں آیا ہے کہ اعمال تولے جائیں گے چونکہ اعمال عرض ہیں اور وہ تولے نہیں جائیں گے اس لئے سب کو تاویل کرنی پڑی. اشاعرہ کہتے ہیں کہ نامۂ اعمال کے کاغذ تولے جائیں گے. معتزلہ کہتے ہیں کہ تولنے سے انکشافِ حقیقت مراد ہے. بہر حال تاویل دونوں کو کرنی پڑی. باقی جو شخص اس بات کا قائل ہے کہ نفس اعمال جو عرض ہیں وہی تولے جائیں گے اور انہی میں وزن پیدا ہو جائے گا۔ وہ سخت جاہل اور عقل سے بالکل معرا ہے۔

اس کے بعد امام صاحب تاویل کے اصول بتاتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ جن اشیاء کا ذکر شریعت میں ہے اول اس کا وجود ذاتی ماننا چاہیئے، اگر کوئی دلیلِ قطعی موجود ہو کہ وجودِ ذاتی مراد نہیں ہو سکتا تو وجودِ حِسّی، پھر خیالی، پھر عقلی پھر شبہی، اب بحث یہ رہ جاتی ہے کہ ایک کے نزدیک جو دلیلِ قطعی ہے دوسرے کے نزدیک نہیں مثلاً اشعری کے نزدیک اس بات پر دلیل قطعی قائم ہے کہ خدا کسی جہت کے ساتھ مخصوص نہیں ہو سکتا لیکن حنبلیہ کے نزدیک اس پر کوئی دلیل نہیں. ایسی تاویلات کی صورت میں کسی کو کافر نہیں کہنا چاہیئے. زیادہ سے زیادہ گمراہ اور

بدعتی کہا جا سکتا ہے۔

تاویل کے متعلق امام صاحب کی رائے

پھر لکھتے ہیں کہ جب تاویل کی بنا پر ہم کسی کو کافر کہنا چاہیں تو پہلے ان امور کو دیکھنا چاہیئے کہ وہ نص قابلِ تاویل ہے یا نہیں اگر ہے تو یہ تاویل قریب ہے یا بعید، وہ نص بہ تواتر ثابت ہے یا بہ آحاد یا اجماعِ امت اگر یہ تواتر ہے تو تواتر کے تمام شرائط پائے جاتے ہیں یا نہیں، تواتر کی تعریف یہ ہے کہ اس میں کسی طرح شک نہ ہو سکے مثلاً انبیاء اور مشہور شہروں کا وجود یا قرآن، یہ چیزیں متواتر ہیں لیکن قرآن کے سوا اور چیزوں کا ثابت ہونا نہایت غامض ہے کیوں کہ یہ ممکن ہے کہ ایک گروہِ کثیر ایک امر پر متفق ہو جائے اور اس کو بہ تواتر بیان کرے۔

جس طرح شیعہ حضرت علیؓ کی ولایت کی حدیث بیان کرتے ہیں اجماع کا ثابت ہونا اور بھی مشکل ہے۔ کیونکہ اجماع کے یہ معنی ہیں کہ تمام اہل حل و عقد ایک امر پر متفق ہو جائیں اور پھر ایک مدت تک اور بعضوں کے نزدیک تا انقراضِ عصرِ اول اس اتفاق پر وہ لوگ قائم رہیں اس پر بھی یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے کہ ایسے اجماع کا منکر بھی کافر ہے یا نہیں کیونکہ بعض لوگوں کی یہ رائے ہے کہ جب اجماع کے منعقد ہونے کے وقت ایک شخص کا اختلاف کرنا جائز تھا تو اب کیوں جائز نہ ہو۔

پھر یہ دیکھنا چاہیئے کہ گو تواتر یا اجماع ہو چکا لیکن تاویل کرنے والے کو بھی اس اجماع یا تواتر کا یقینی علم تھا یا نہیں، اگر نہیں ہے تو وہ مخطی ہوگا مکذب نہ ہوگا۔

پھر یہ دیکھنا چاہیئے کہ جس دلیل کی وجہ سے وہ شخص تاویل کرتا ہے وہ شرائطِ برہان کے موافق دلیل ہے یا نہیں؟

شرائطِ برہان کی تفصیل کے لئے مجلدات درکار ہیں اور ہم نے محک النظر میں تھوڑا سا بیان کیا ہے لیکن فقہائے زمانہ اکثر اس کے سمجھنے سے عاجز ہیں۔ اب اگر وہ دلیل قطعی ہے تو تاویل کی اجازت ہے اور اگر قطعی نہیں تو تاویل قریب کی اجازت ہو سکتی ہے نہ کہ بعید کی۔

پھر یہ دیکھنا چاہیئے کہ مسئلہ زیرِ بحث کوئی اصولِ دین کا مسئلہ ہے یا نہیں، اگر نہیں ہے تو اس پر چنداں گیر و دار نہیں۔ مثلاً شیعہ امام مہدی کا سرداب میں مخفی ہونا مانتے ہیں۔ یہ ایک وہم پرستی ہے لیکن اس اعتقاد سے دین میں کوئی خلل نہیں آتا۔

اب جب تم کو یہ معلوم ہوا کہ تکفیر کے لئے تمام مراتب مذکورہ بالا کا لحاظ ضرور ہے تو تم سمجھ گئے کہ اشعری کی مخالفت پر کسی کو کافر کہنا جہل ہے اور فقیہ صرف علمِ فقہ کی بنا پر مہماتِ مذکورہ بالا کا کیونکر فیصلہ کر سکتا ہے۔ لہٰذا تم جب دیکھو کہ کوئی فقیہ آدمی جس کا سرمایۂ علم صرف فقہ ہے۔ کسی کی تکفیر یا تضلیل کرتا ہے تو اس کی کچھ پرواہ نہ کرو۔

پھر ایک موقع پر لکھتے ہیں کہ "جو چیز اصولِ عقائد سے تعلق نہیں رکھتی اس میں تاویل کرنے پر تکفیر نہیں کرنی چاہیئے۔ مثلاً بعض صوفیہ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیمؑ نے آفتاب و ماہتاب کو خدا نہیں کہا تھا۔

کیونکہ اجسام کو خدا کہنا اِن کی شان سے بعید ہے بلکہ انہوں نے جواہر فلکیہ نورانیہ دیکھے تھے اور ان کو خدا سمجھا تھا تو ایسی تاویل پر تکفیر اور تبدیع نہیں کرنی چاہیئے۔"

قدیم علمِ کلام کا طرزِ استدلال

یہ تمام بحث تو ان مسائل کی نسبت تھی جو غلطی سے علمِ کلام میں مستزاد کر دیے گئے تھے لیکن جو مسائل اصلی تھے ان کی نسبت یہ مرحلہ باقی تھا کہ اِن کے اثبات کا طریقہ اور طرزِ استدلال کہاں تک درست ہے۔ متکلمین جس طریقہ سے اِن کو ثابت کرتے تھے نہ وہ نقلی تھے نہ وہ اصولِ عقلیہ کے معیار پر ٹھیک اترتے تھے۔ بہت بڑی دلیل جو اکثر عقائد کے اثبات کے لئے کام میں لائی جاتی تھی تماثلِ اجسام کا مسئلہ تھا یعنی یہ کہ تمام اجسام کی ایک حقیقت اور ایک ماہیت ہے۔ شرح مقاصد میں اس کی نسبت لکھا ہے۔

وھذا اصل ینبنی علیہ کثیر من قواعد الاسلام کاثبات القادر المختار وکثیر من احوال النبوۃ والمعاد۔

" یہ وہ اصل ہے جس پر اسلام کے بہت سے اصول مبنی ہیں مثلاً قادرِ مختار کا وجود اور نبوت و معاد کے بہت سے حالات"

تماثلِ اجسام کا ثبوت ہونا بہت مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ اِس لئے اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ اکثر عقائدِ اسلامی کا اثبات اسی مسئلہ کے ثابت

کرنے پر موقوف ہے تو خود ان عقائد کی بنیاد متزلزل ہو جائیگی۔

اِن وجوہ سے امام صاحب نے متکلمین کے استدلال و احتجاج کے طریقے کو چھوڑ کر تمام مسائل پر نئی دلیلیں قائم کیں۔ ان میں سے بعض ایسی تھیں جن کو حکما استعمال کرتے تھے لیکن امام صاحب کا یہ مشرب تھا کہ ؎ متاعِ خوش زہرُ دکاں کہ باشد۔

ممکن ہے کہ ایک گروہِ کثیر ایک روایت پر متفق ہو جائے اور وہ درحقیقت صحیح نہ ہو مثلاً حضرت علیؓ کی خلافت بلا فصل کو شیعوں کا تمام گروہ جو لاکھوں اور کروڑوں سے متجاوز ہے بتواتر بیان کرتا ہے حالانکہ درحقیقت وہ متواتر نہیں۔

تکفیر کا ایک بڑا سبب اجماع کا انکار کرنا قرار دیا جاتا تھا یعنی یہ کہا جاتا تھا کہ فلاں مسئلے پر چونکہ اجماع ہو چکا ہے اس لئے اس کا منکر کافر یا کم از کم فاسق و گمراہ ہے۔

امام صاحب نے بتایا کہ اجماع کا ثابت ہونا تواتر سے بھی زیادہ مشکل ہے کیونکہ اجماع کے یہ معنی ہیں کہ تمام اہلِ حل وعقد ایک امر پر متفق ہو جائیں اور ایک مدت تک اس اتفاق پر قائم رہیں۔ بعضوں کے نزدیک یہ اتفاق عصرِ اوّل کے گذر جانے تک قائم رہنا چاہیئے

فرض کرو کہ ایسا اجماع ہو بھی تو یہ کیونکر ثابت ہو سکتا ہے کہ جو شخص اِس مسئلہ کا منکر ہے اس کو بھی اس اجماع کا یقینی علم ہے۔ یہ بھی فرض کرو کہ علم بھی ہے لیکن جب عین اجماع کے وقت اجماع سے مخالفت کرنی جائز تھی تو اب کیوں جائز نہ ہو۔

ایک بڑی غلطی یہ تھی کہ ہر قسم کے مسائل پر بلا امتیاز کفر و فسق کا حکم نافذ کیا جاتا تھا۔ امام صاحب نے بتایا کہ گو ایک مسئلہ سرتاپا غلط ہو لیکن اگر وہ اصولِ دین سے نہیں ہے تو اس پر مواخذہ نہیں ہو سکتا۔ مثلاً شیعہ کہتے ہیں کہ امام مہدی سارا؁ کے ... داب میں مخفی ہیں۔ یہ واقعہ گو غلط ہو لیکن اس کو اصولِ دین سے کچھ تعلق نہیں اس لئے اگر کوئی شخص اس کا قائل ہو تو اس کو گمراہ نہیں کہہ سکتے یا مثلاً بعض صوفیہ کہتے ہیں کہ قرآن مجید میں جو مذکور ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے چاند اور سورج کو پہلے خدا کہا تھا اس سے چاند اور سورج مراد نہیں بلکہ انوارِ الٰہی مراد ہیں تو اس بنا پر ان صوفیہ کو مبتدع اور گمراہ نہیں کہہ سکتے۔

غرض تکفیر کی جو وجہیں لوگوں نے قائم کی تھیں امام صاحب نے سب کو رد کیا اور قطعی دلائل سے ثابت کیا کہ تمام کلمہ گو مسلمان ہیں اور اسلامی حیثیت سے بھائی بھائی ہیں۔ آپس میں جو اختلافات ہیں وہ اصل اسلام سے تعلق نہیں رکھتے بلکہ اجتہادی اور فروعی باتیں ہیں جن کی حد اس سے آگے نہیں بڑھتی کہ ان میں سے ایک صحیح ہو اور دوسری غلط ہو۔

امام صاحب نے یہ فیاضی اپنے ہم مذہبوں پر محدود نہیں رکھی بلکہ اُن کی رائے میں بجز اُن کفار کے جن کے سامنے اسلام کی حقیقت

پورے طور پر ظاہر کر دی جائے اور پھر وہ ایمان نہ لائیں، باقی سب مجبور و معذور ہیں۔ چنانچہ رسالہ تفرقہ میں لکھتے ہیں۔

بل اقول اکثر نصاری الروم والترک فی هذا الزمان تشملهم الرحمة ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بلکہ میں کہتا ہوں کہ اکثر نصاریٰ روم اور ترک جو ہمارے زمانہ میں ہیں انکو رحمت الٰہی انشاء اللہ شامل ہوگی۔

امام صاحب کی اس فیاضی پر اگرچہ ابتداء میں بہت مخالفت ہوئی لیکن بالآخر یہ علم کلام کا مسئلہ بن گیا کہ اہل قبلہ جس قدر ہیں سب مسلمان ہیں۔ چنانچہ علم کلام کی تمام کتابوں کا خاتمہ اسی مسئلہ پر ہوتا ہے۔

عملی طور پر امام صاحب کی کوشش کا جو اثر ہوا وہ یہ تھا کہ اشعریہ و حنابلہ جو آپس میں ضد یک دگر تھے اور جن میں اختلافات عقائد کی بناء پر بارہا خونریزیاں ہو چکی تھیں۔ رفتہ رفتہ ان کا اختلاف کم ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ بجز بعض مستثنیات کے اشاعرہ اور حنابلہ عموماً شیر و شکر ہو گئے۔

دارالخلافہ بغداد کے سُنی و شیعہ میں بھی ۵۰۲ھ میں صلح ہو گئی اور وہ خونریزیاں جن کی بدولت بغداد کے محلے کے محلے برباد ہو گئے تھے دفعتہً رُک گئیں۔

رسالہ ہذا (طبع اول) کے متعلق فاضل قارئین کے

"تأثرات"

علماء کرام و مشائخ عظام

۱: مولانا مجاہد الحسینی صاحب مدیر رسالہ صوت الاسلام فیصل آباد۔
۲: مولانا عبدالرشید ارشد صاحب ناظم اعلےٰ اتحاد العلماء پاکستان
۳: صاحبزادہ میاں محمد ضمیر الحق صاحب امیر جماعت سراجیہ فیصل آباد۔

ادیب، دانشور اور ماہرین تعلیم

۱: جناب حافظ لدھیانوی صاحب (قومی ایوارڈ یافتہ نعت گو۔ شاعر و ادیب) فیصل آباد۔
۲: سید ابرار حسین صاحب گیلانی پروفیسر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد
۳: پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب قریشی ڈائریکٹر تعلیمات (کالجز) فیصل آباد ڈویژن
۴: چوہدری ریاض احمد صاحب ڈائریکٹر تعلیمات (سکولز) فیصل آباد ڈویژن۔

نژاد نو

۱: ڈاکٹر یوسف حسان خان سابق میڈیکل آفیسر الائیڈ ہسپتال فیصل آباد۔
۲: سید مظہر حسین نقوی جنرل سیکرٹری انجمن سادات پاکستان فیصل آباد۔

پہلی اشاعت کے بعد رسالہ ہذا بہت سے علماء کرام مشائخ عظام، دانشور حضرات اور نژادِ نو کے سوچ بچار کرنے والے نوجوانوں کے زیرِ مطالعہ آیا۔ چنانچہ اس کے مندرجات سے اتفاق کرتے ہوئے بہت سے اصحاب نے ہماری اس کوشش کو سراہا اور موجودہ دور میں وحدتِ امت کی ضرورت اور اہمیت کے پیشِ نظر اس کی مزید اشاعت وتقسیم پر زور دیا۔

ان میں سے دو حضرات محترم المقام صوفی ابوانیس محمد برکت علی لدھیانوی صاحب دارالاحسان فیصل آباد اور جناب پروفیسر عبدالغفور صاحب سابق وفاقی وزیر و نائب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان کی نگارشات کو ٹائٹل کے اندرونی صفحات پر دیا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں رسالہ ہذا کے بارے میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے چند حضرات کے تاثرات آئندہ صفحات پر دیے جا رہے ہیں۔

یوں تو ہماری دلی خواہش تھی کہ ہم دیگر سب حضرات کی قیمتی آراء اور مفید مشوروں کو رسالہ ہذا کی زینت بناتے۔ لیکن تنگ دامانی اس خواہش کی راہ میں ہمارے آڑے آئی۔ تاہم ان آراء کی روشنی میں زیرِ نظر اشاعت میں مناسب اصلاح و اضافہ کیا گیا ہے۔ بہر حال ہم ان سب احباب کے تہِ دل سے شکر گزار ہیں۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء

عالم دین صحافی

مولانا مجاہد الحسینی
مدیر رسالہ "صوت الاسلام"
فیصل آباد۔

اللہ تعالیٰ نے دورِ حاضر کے افتراق انگیز اور پُرتشدد ظلمت کدے میں امتِ مسلمہ کی وحدت اور مسلمانوں میں اتفاق و اتحاد کے فانوس روشن کرنیکا فریضہ انجام دینے والے مخلصین کو اس سعادت سے نوازا ہے کہ وہ کفر و شرک اور باطل کی یلغار کا پوری استقامت اور ثابت قدمی کے ساتھ رُخ موڑنے کی سعی کر رہے ہیں۔ ان میں حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب خطیب جامع مسجد کریمیہ فیصل آباد کی شخصیت منفرد اور ممتاز ہے۔ میرے مخلص کرم فرما حافظ محمد سلیمان صاحب سمن آبادی کی زبانی حضرت مولانا محمد اسحاق کی علمی خوبیوں کا اکثر تذکرہ سنا تھا۔ مگر ان سے ملاقات کا شرف حاصل نہ ہوا تھا۔ ایک روز از خود ہی تشریف لے آئے اور "وحدتِ امت" کے عنوان سے ایک کتابچہ عنایت فرمایا۔ یہ کتابچہ اہل قبلہ کی تکفیر اور فقہی اختلافات کی بناء پر ملتِ اسلامیہ میں زبردست محاذ آرائی کے خلاف ایک فکر انگیز اور مخلصانہ تحریر پر مشتمل ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مولانا موصوف نے مؤثر اور مدلل انداز میں امت مسلمہ کو وحدت و یگانگت اور

اتحاد و اتفاق کی جو دعوت دی ہے اس پر لبیک کہتے ہوئے امت کے تمام مکاتب فکر اور مسالک کے حضرات اسے ایک منظم تحریک کی شکل دینے کی جدوجہد کا آغاز کریں۔ کیونکہ آج دنیا کے مختلف ممالک میں امت مسلمہ کے خلاف کفار و مشرکین اور مخالفین اسلام نے ایک متحدہ محاذ کی صورت میں جو یلغار شروع کر رکھی ہے اور صفحۂ ہستی سے مسلمانوں کا وجود مٹا دینے اور ختم کر دینے کے جو ہولناک اور لرزہ خیز مظالم روا رکھے جا رہے ہیں۔ پوری امت مسلمہ کی وحدت اور اتفاق کے سبب مؤثر اسلحے سے ہی ان کا خاتمہ ممکن ہو سکتا ہے۔ ایک خطرناک یلغار اور ہمہ گیر تحریک کا مقابلہ تحریک اور تنظیم کی صورت میں ہی صحیح طور سے کیا جا سکتا ہے۔

دعا گو ہوں کہ اللہ تعالے اپنی نصرت خاص سے امت مسلمہ کو دشمنوں کے شر و فتن اور ان کے روز افزوں مظالم سے محفوظ و مصئون رکھنے کے اسباب مہیا فرمائے تاکہ عہد ماضی کی طرح حزب اللہ کو ہی غلبہ و فوقیت حاصل ہو جائے۔ آمین!

عالم دین۔ ماہر تعلیم

مولانا عبدالرشید ارشد
ناظم اعلیٰ اتحاد العلما پاکستان

عصر حاضر میں امت مسلمہ کی ابتری اور زوال کا سب سے بڑا سبب اس میں وحدت اور یکجہتی کا فقدان ، باہمی جنگ و جدل اور ایسی فرقہ وارانہ کشیدگی ہے جس میں باہم تکفیر و تفسیق کا عنصر شامل ہو گیا ہے۔ کچھ عرصہ قبل فیصل آباد کے مشہور محقق عالم دین مولانا محمد اسحاق صاحب نے وحدت امت کے موضوع پر ایک مبسوط و مدلل خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ جسے سامعین نے اپنے دل کی آواز اور ملت کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے اس ترتیب و تدوین کے ساتھ شائع کر دیا۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ مولانا محمد اسحاق صاحب کے ارشادات وقت اور ملت اسلامیہ کے تقاضوں کی خوبصورت صدائے بازگشت ہیں اور وہ اس قابل ہیں کہ انہیں ہر جگہ سنا اور پڑھا جائے۔ یہ مختصر علمی مجموعہ بیک وقت عوام اور علماء، دونوں کے لئے معلومات افزا ہونے کے ساتھ ساتھ فرقہ وارانہ کشیدگی میں توازن اور اعتدال پیدا کرنے کا مؤثر ذریعہ ثابت ہو گا۔ دعا ہے کہ مولانا موصوف کے دلِ دردمند سے نکلی ہوئی یہ صدا لوگوں کے دلوں کی دھڑکن اور روحوں کی جلا بن سکے۔ ع این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد (ملخص)

پیرِ طریقت۔ ماہرِ تعلیم

صاحبزادہ میاں محمد منیر الحق
امیرِ جماعتِ سراجیہ فیصل آباد

مولانا محمد اسحاق صاحب کا کتابچہ "وحدتِ اُمت" پڑھ کر انتہائی مسرت اور خوشی ہوئی۔ انہوں نے ایک اہم موضوع پر بروقت اظہارِ خیال کیا ہے۔ پوری اُمہ اور خاص طور پر پاکستان کی بقا اور ترقی کے لئے اپنے عقیدہ پر قائم رہتے ہوئے اتحاد بین المسلمین کی ضرورت ناگزیر ہے۔ انتشار، فرقہ واریت اور تنگ نظری کی آگ نے پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ آپ نے وحدتِ اُمت لکھ کر اس دہکتی آگ کو بجھانے کی پر خلوص کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے اور غیروں کے علاوہ اپنوں کے شر سے بھی محفوظ رکھے۔

جماعتِ سراجیہ فیصل آباد وحدتِ اُمت اور اتحادِ ملت کی نہ صرف نقیب اور داعی ہے بلکہ خصوصی اور عمومی سطح پر شب و روز کوشاں بھی ہے جس کے نتیجے میں ہم بیگانوں سے زیادہ اپنوں کا نشانہ بنتے رہے ہیں۔ مگر اس کے باوجود یہ جماعت تعصب تنگ نظری اور فرقہ واریت کے خلاف ہمیشہ صف آرا رہی ہے۔ خدا کرے ہر مکتبۂ فکر میں آپ جیسے ملت کے خیر خواہ پیدا ہوں۔ اور انکی کوششیں رنگ لائیں اور یہ بکھری ہوئی قوم تن واحد بن جائے آمین!

ادیب . شاعر
(نعت گوئی میں صدارتی ایوارڈ یافتہ)

جنابِ حافظ لدھیانوی

مکرمی و محترمی مولانا محمد اسحاق دامت برکاتہم کی تصنیفِ لطیف "وحدتِ اُمّت" کا مطالعہ کر کے یوں محسوس ہوا جیسے تپتے صحرا میں اچانک بہار کے پہلے جھونکے نے جسم و جاں کو معطر کر دیا ہو. اس کتابچہ میں اتحاد بین المسلمین اور اتحاد بین العلماء کا جو درس دیا گیا ہے وہ انتہائی مستحن کوشش اور بابرکت سعیٔ جمیلہ ہے. اگر مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام اور پیرانِ عظام اسی انداز میں سوچیں اور انکے افکار و خیالات میں محبت کے پہلو اور باہمی الفت کے پیغامات ہوں تو یہ فروعی اختلافات وجہ نزاع نہ بنیں۔

ہر کلمہ گو خداوند کریم کو وحدہٗ لاشریک اور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاتم النبیین مانتا ہے۔ وہ دائرۂ اسلام میں داخل ہو جاتا ہے. وہ مسلمان ہے. کلامِ پاک کا ارشاد ہے:" سب مسلمان بھائی بھائی ہیں"، ہم سب ایک ہی چشمۂ فیوض و برکات سے سیراب ہوتے ہیں. سب کے افکار و خیالات کا مرکز و محور قرآن مجید اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ قرآن و سنت ہی سب کی رہنمائی کا ماخذ ہے. پھر جھگڑے کی بات

سمجھ میں نہیں آتی۔

حکیم الامت علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے خطبات، مکتوبات اور اشعار میں وحدتِ ملت اور وحدتِ امت ہی کو موضوعِ سخن بنایا ہے۔ اس دورِ اختلافات میں اسی کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ مذہب میں فروعی اختلافات سے کفر لازم نہیں آتا۔ اگر یہ اختلافات نیک نیتی پر مبنی ہوں علمی اور نظریاتی سطح پر ہوں تو کوئی قابلِ گرفت بات نہیں۔ اگر یہ علیحدہ تشخص قائم کرنے اور ایک فرقے کی بنیاد بن جائیں اور ہر فرقہ دوسرے کے نظریات کی تکذیب اور تکفیر کرنے لگے تو سازگار ماحول کیسے میسّر آسکتا ہے۔

مولانا موصوف نے "وحدتِ امت" میں نہایت شرح و بسط اور انتہائی فراخدلی اور علمی انداز میں اپنے موقف کو پیش کیا ہے اور آپس میں صلح و آشتی، محبت و اخوت کا پیغام دیا ہے جو آج کے دورِ فتنہ و فساد میں ایک اہم اور موثر تحریر ہے۔ جس سے فروعی اختلافات ختم کرنے اور مسلمانوں میں اتحاد و یگانگت کی فضا قائم کرنے میں مدد ملے گی۔ اگر ہر مسلک کے علماء یہی روش اختیار کریں اور مولانا کے طرزِ عمل اور فکر و نظر کو تبلیغ دین کا ذریعہ بنائیں تو ماحول میں خوشگوار انقلاب پیدا ہو سکتا ہے۔ اور تمام بے بنیاد جھگڑوں کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔

دانشور، ماہرِ تعلیم

سید ابرار حسین گیلانی
پروفیسر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

مسلمانوں کے اندر جس وقت تک یہ احساس تازہ رہا کہ ان کا خالق وحدہٗ لاشریک ہے۔ ان کے ہادی و رہنما حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں اور اسلام ان کا دین ہے تو وہ بنیانِ مرصوص کی طرح رہے اور انہیں کوئی بڑی سے بڑی قوت چھوٹی چھوٹی اکائیوں میں بانٹ کر باہمی نفرت سے دوچار نہ کر سکی۔ مگر جب یہ احساس ڈھیلی ہوئی تو امّتِ مسلمہ گروہوں میں بٹتی چلی گئی۔ اس تفرق و انتشار میں دیگر عوامل کے علاوہ ایک اہم عامل فرقہ بندی کا ہے فرقوں کا باہمی اختلاف مسلمانوں کے اندر افتراق کا باعث بنا ہوا ہے۔ اپنے علاوہ باقی فرقوں کو مسلمان نہ سمجھنا اور کسی دوسرے کی امامت میں نماز ادا کرنے کا روادار نہ ہونا اس کے افسوسناک پہلو ہیں۔ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ زیرِ نظر رسالہ "وحدتِ امّت" میں مولانا محمد اسحاق صاحب نے اس غلط موقف کا مدلل اور مستند طریقے سے رد کیا ہے۔ مولانا موصوف کی اس کاوش پر انہیں مبارکباد دیتا ہوں اور قوی امید رکھتا ہوں کہ یہ رسالہ وحدتِ ملت کے عمل کو آگے بڑھانے میں مفید و معاون ہوگا۔ انشاء اللہ

دانشور، ماہر تعلیم

پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)
فیصل آباد ڈویژن۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رسالت کے حوالے سے جو امت وجود میں آئی وہ رنگ و نسل، زبان و بیان اور علاقے اور خطے کے تفاوت کے باوجود ایک ملت کہلائی۔

ایمان کی دولت نے اُسے وحدت کا شرف بھی عطا کر دیا۔ اسکے رویے یکساں پلنے گئے۔ تو اُس کی چاہتیں بھی مرکز آشنا ہو گئیں، اپنے اور غیر کا مفہوم بدل گیا۔ مکہ مکرمہ کا قریشی النسب تسلیم کی توفیق سے بے بہرہ رہا تو اپنا نہ رہا اور حبش کا غلام سرِ نیاز جھکانے کا اہل ٹھہرا تو محترم بھی ہوا اور اپنا بھی۔ اسی لئے علامہ اقبال علیہ الرحمہ نے کہا تھا

؎ خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی۔

مگر بدقسمتی یہ ہوئی کہ وحدت کا نقیب دورِ زوال کی زہر سامانیوں کی وجہ سے افتراق کا پرچارک بن گیا۔ دوسروں کو درسِ محبت دینے والا اپنوں کا گلا کاٹنے لگا۔ اہلِ کتاب کو "تعالوا الی کلمۃ" کی دعوت دینے والا اپنے کلمہ گو بھائی پر کفر کے تیر برسانے لگا۔ مولانا حالی نے اس اندوہ ناک صورتحال کی طرف

اشارہ کیا تھا کہ

ع اس دین میں اب بھائی سے بھائی بھی جدا ہے۔

یہ کیوں ہوا؟ کیسے ہوا؟ یہ ایک طویل داستان ہے سوال صرف اتنا ہے کہ اب اس کا ازالہ کیسے ممکن ہے! اس کا جواب اہلِ نظر پر مخفی نہیں۔ ہر کہیں احساس موجود ہے۔ صرف اک عزمِ صادق درکار ہے۔ ہر گروہ، ہر مسلک، ہر مکتبۂ فکر اپنی روِش میں اعتدال پیدا کرے۔ ایک دوسرے کو برداشت کا حوصلہ پیدا ہو۔ کیونکہ مشاہدہ یہ ہے کہ وحدت کی دعوت میں قربانی کا عنصر کم ہوتا ہے۔ اتحاد کی اپیل سے مراد یہ لی جاتی ہے کہ اے لوگو تم سب اپنے مسالک ترک کر دو، گروہ چھوڑ دو۔ میرے ساتھ مل کر ایک ہو جاؤ۔ ایسی دعوت، وحدتِ امّت کے لئے نہیں اپنے طریقۂ عمل کی تبلیغ کے لئے ہوتی ہے اس لئے نتیجہ خیز نہیں ہوتی۔ سٹیج پر اتحادِ ملی کا وعظ کہنے والا خود کسی مکتبۂ فکر کا ترجمان ہوتا ہے۔ اس کا حل صرف یہ ہے کہ مسالک کا درس دینے کی بجائے نباہ کرنے اور ایک دوسرے کو برداشت کرنے اور مشترک مقاصد کے لئے متحد ہونے کی دعوت دی جائے۔ تم اپنے رویوں میں سچے ہو گے مگر دوسروں کو جھوٹا تو نہ کہو۔ انسانی فکر میں تنوع ہے اور ہونا چاہیئے۔ مگر اس تنوع میں ہم رنگی کا سامان پیدا ہونا چاہیئے۔ یہ اندازِ فکر جب عملی اظہار میں یکسانیت پیدا کرے گا تو اسی وقت وقارِ ملت کا درد وا ہو گا۔ ایسی کوشش لازم ہے وقت کا تقاضا ہے اور ملت کی ضرورت ہے

مولانا محمد اسحاق صاحب کا مختصر کتابچہ "وحدت امت" نظر سے گزرا
قدرے اطمینان ہوا کہ درست سمت میں پیش رفت تو ہوئی یہ
ابتدائی اقدام ہے اس پر کام ہونا چاہیئے ہر صاحب دل کو
اپنا حصہ ڈالنا چاہیئے تاکہ وحدت امت ایک حقیقت بن سکے اس
لئے کہ لہجہ کی نرمی ریشمی الفاظ کا انتخاب پیشکش کی بے لوثی اور
خلوص کی فراوانی درکار ہے. خواہش رکھتا ہوں کہ وحدت کی اس
دعوت میں دلجوئی کا انداز مزید مستحکم ہو سکے اور زیادہ دلنشیں ہو
اور تلخی کی کوئی صورت برقرار نہ رہے دل دکھے تو ایسا ہو جاتا ہے
مگر مقصد کی عظمت پر جذبات کو قربان کر دینا وقت کا تقاضا ہے
اللہ کرے یہ مشن بے غرضی سے جاری رہے اور قوم کی پریشانیوں
کا مداوا کرے. میں مولانا اور انکے احباب کے لئے دعاگو ہوں کہ
اللہ تعالٰے ان کے ارادوں کو پختگی عطا فرمائے اور ملت اسلامیہ کو
وحدت آشنا ہونے کی توفیق دے آمین!

دانشور، ماہرِ تعلیم

چوہدری ریاض احمد
ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (سکولز)،
فیصل آباد ڈویژن

امتِ مسلمہ آج جس افتراق و انتشار کا شکار ہے اس کے بہت سے اسباب ہیں لیکن ان میں سے سب سے اہم سبب فرقہ بندی ہے۔ ہمارے مذہبی مدارس اور مساجد اسلامی اتحاد کے بجائے تکفیر و تعصب کے مراکز بن گئے ہیں۔ اب تو مذہبی جماعتیں منظم سیاسی تنظیموں میں تبدیل ہو گئی ہیں۔ اگرچہ سب کا منشور ملک میں اسلامی نظام کا قیام ہے اور اپنی اپنی جگہ ہر کوئی جماعت اور اس کے داعیان امتِ مسلمہ کے اتحاد کے نقیب ہیں لیکن نتائج کے اعتبار سے صورتحال اسکے برعکس ہے۔

تاہم ان تکلیف دہ حالات میں دردِ دل رکھنے والے علماء اور زعماء کی بھی کمی نہیں جو مقدور بھر اتحادِ امتِ مسلمہ کیلئے ہر وقت کوشاں رہتے ہیں۔ وحدتِ امت کیلئے ایسے ہی دردِ دل رکھنے والے علماء میں سے ایک مخلص و مستند عالمِ دین حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب نے "وحدتِ امت" کے نام سے ایک کتابچہ شائع کیا ہے جسمیں دلائل اور مستند

حوالوں کے ساتھ قرنِ اوّل اور مابعد کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ائمہ رحمہم اللہ اور محدثین رحمہم اللہ کے باہمی علمی و فقہی اختلافات کا ذکر کیا ہے۔ لیکن حضور رحمتِ مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فرمان کے مطابق کہ "اختلاف میری امت کیلئے رحمت ہے" ان بزرگوں نے اسلامی اخوت کو بہر صورت برقرار رکھا۔ مولانا نے مستند روایات کی روشنی میں بہت سی مثالوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ کسی شخص کے واضح انکارِ اسلام کے علاوہ محض شبہ یا تعبیر و تشریح میں اختلاف کی بنا پر کسی مسلمان کو کافر قرار نہیں دیا جا سکتا۔

عالمِ اسلام بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص دین سے عمومی لگاؤ کے باوجود تکفیر، نفرت اور تعصب کی جو فضا پیدا ہو چکی ہے اسکے پیشِ نظر امت میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کیلئے مولانا موصوف کا یہ کتابچہ بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ امید ہے کہ مولانا موصوف اور دیگر علماء و اکابرینِ ملت کو متحد کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے تاکہ "یہ ٹوٹا ہوا تارا مہِ کامل بن جائے"

(ملخص)

نژادِ نو

ڈاکٹر یوسف حسّان حسار،
سابق میڈیکل آفیسر الائیڈ ہسپتال
فیصل آباد۔

اہل قبلہ کی تکفیر اور فقہی اختلافات کی بنا پر ملت میں محاذ آرائی
کے سدِّ باب پر مولانا محمد اسحاق صاحب کا مؤقر رسالہ
"وحدتِ امت" نظر سے گزرا جس میں نہایت مدلّل طریقے
سے جملہ حوالوں کے ساتھ یہ سعی کی گئی ہے کہ مسلمانوں کے
تمام مکاتب فکر کے مابین اتحاد و اتفاق کے وسیلے تلاش
کئے جائیں اور جس غلط رویّے نے امت کے درمیان
تقسیم در تقسیم کی بنیاد ڈالی اس کا تدارک کیا جائے۔

میں اس مقالے کو ایک صحیح کوشش قرار دوں گا جو ایک
صحیح وقت پر کی گئی۔ اتحادِ ملت کی جتنی اشد ضرورت ہمیں
آج ہے شاید کبھی بھی نہ تھی۔ مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے
درمیان اختلافات جو تاریخ کے مختلف ادوار میں کبھی کم اور کبھی
زیادہ ہوتے رہے ہیں۔ اس پر آشوب دور میں اس نہج پر
پہنچتے نظر آتے ہیں کہ ایک دوسرے کے خلاف مسلح گروہ منظم
کئے جا رہے ہیں اور صرف فقہی اختلافات کی بنا پر ایک
جماعت دوسری جماعت کو نیست و نابود کرنے کی کوشش
میں نظر آتی ہے۔ ایک طرف تو بوسنیا اور کشمیر کے مسلمانوں

بہ یہ قیامت ٹوٹی ہے کہ ان کی نسل کشی کی کوششیں کی جا رہی ہیں اور دوسری طرف ہمارے بعض علما اپنے ہی بھائی بندوں کو تکفیر کی چھری سے ذبح کر رہے ہیں اور مسلمانوں کے درمیان تفریق اور محاذ آرائی اتنی بڑھادی گئی ہے کہ ان کو ایک دوسرے کا وجود برداشت کرنا بھی گوارا نہیں رہا.

مولانا موصوف یقیناً مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اپنی اس کاوش سے تکفیر بازی اور فقہی اختلافات کی بنا پر پیدا ہونے والی خلیج کو پاٹنے کی کوشش کی ہے اور اس راستے کی نشاندہی کی ہے جس پر چل کر ہم لوگ وحدتِ امت کی منزل پا سکتے ہیں.

میری دُعا ہے کہ اللہ جل شانہٗ مولانا کو اس کاوش کا اجر عطا فرمائیں اور اس مقالے کو اتحادِ امت کا ایک وسیلہ بنادیں آمین!

نذرانِ نو

سید مظہر حسین نقوی
جنرل سیکرٹری انجمن سادات
پاکستان۔ فیصل آباد۔

اُستادِ مکرم جناب حافظ محمد سلیمان صاحب کی شفقت سے جناب مولانا محمد اسحاق صاحب کے خطبۂ جمعہ پر مبنی رسالہ "وحدتِ اُمت" کا مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔ آج جب فرقہ واریت کی بادِ سموم مسلمانانِ عالم کے افکار و اذہان کو جھلسا رہی ہے۔ عالمِ اسلام اس امر پر دست و گریبان ہے کہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھیں یا باندھ کر (جب کہ دشمنانِ اسلام اُن کے ہاتھ کاٹنے کی فکر میں ہیں) وحدتِ اُمت کی سوچ مفقود اور ذاتی اغراض پر مبنی افکار کو اسلامی پیرہن میں سمایا جا رہا ہے تاکہ مادی منفعت کا حصول ممکن ہو سکے۔ ایسے وقت میں وحدتِ اُمت کی سوچ بارش کے پہلے قطرے سے کم نہیں۔

یہ ایک نہایت جرأت مندانہ اقدام ہے جسکے لئے سوچ کے اس داعی کو داخلی اور خارجی مزاحمت کا یقیناً سامنا ہو گا۔ لہٰذا ع

"اُن چراغوں کو ہوا میں بھی جلائے رکھنا"